Presented by: https://jafrilibrary.com



Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

رضا حسین رضوانی

اللہ انسان اور دعا
(ضروری باتیں)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن کریم کا موضوع اللہ اور انسان ہے اور دعائے عَرَفہ میں بھی عبد و معبود کے اس ازلی رشتے کو موضوع بناتے ہوئے اللہ کی بے آمیزش خالص توحید کا ذکر کیا گیا ہے۔حضرت امیرالمومنین علیہ السلام کی دعائے کمیل ، دعائے مشلول اور دعائے صباح بلکہ دعاؤں کی بنیادی کتابوں میں ائمہ اطہارؑ سے مروی دعاؤں میں جہاں خدا کی عظمت ، قدرت ، وَلایت ،نعمت ، رحمت اور مغفرت کی طرف توجہ دلائی گئی ہے وہاں بندے کی عاجزی ، خاکساری ،پستی اور فروتنی کی جانب بھی اشارہ کیا گیا ہے۔عبد کا تومطلب ہی تابعدار اور اِطاعت شِعار ہوتا ہے۔

خالق کی بندگی انسان کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے۔قرآن مجید رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معراج کا ذکر اسی طرح شروع کرتا ہے : پاک ہے وہ جو لے گیا ایک رات اپنے ''بندے'' کومسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک ... امیرالمومنین علیہ السلام فرماتے ہیں : الٰہی میری عزت کے لیے یہی کافی

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ہے کہ میں تیرا ''بندہ'' ہوں اور امام حسین علیہ السلام اپنی دعا میں فرماتے ہیں کہ پروردگار میں کیسے اپنے اندر احساسِ عزت نہ پاؤں جب کہ تو نے مجھے اپنی طرف نسبت دی ہے۔ تا بندہ نباشی، تابندہ نباشی

سورۂ مومن میں ارشادِ اقدسِ الٰہی ہے: ''تمہارا پروردگار فرماتا ہے: مجھے پکارو، میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا۔ جو لوگ گھمنڈ میں آ کر میری عبادت سے منہ موڑتے ہیں، ضرور وہ ذلیل ہو کر جہنّم میں داخل ہوں گے۔''

اس آیتِ مبارکہ میں دعا اور عبادت کو مترادِف الفاظ کے طور پر استعمال کیا گیا ہے کیونکہ پہلے فقرے میں جس چیز کو دعا کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے اسی کو دوسرے فقرے میں عبادت کہا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ دعا عینِ عبادت اور جانِ عبادت ہے بلکہ اللہ سے دعا مانگنا عین تقاضائے بندگی ہے اور اس سے منہ موڑنے کے معنی یہ ہیں کہ آدمی تکبّر میں مبتلا ہے۔ مزید یہ کہ انسان اُس ہستی سے مانگتا ہے جس کو وہ سمیع و بصیر اور فوق الفطری اقتدار کا مالک سمجھتا ہے۔ دعا مانگنے کا مُحرّک آدمی کا یہ احساس ہوتا ہے کہ عالمِ اسباب کے تحت فطری ذرائع و وسائل اُس کی کسی تکلیف کو رفع کرنے یا کسی حاجت کو پورا کرنے کے لیے کافی نہیں ہیں یا کافی ثابت نہیں ہو رہے ہیں اس لیے کسی فوق الفطری اقتدار کی مالک ہستی سے رجوع کرنا ناگزیر ہے۔ اس ہستی کو آدمی بے دیکھے پکارتا ہے۔ ہر وقت، ہر جگہ اور ہر حال میں پکارتا ہے جو اس عقیدے کی بنا پر ہوتا ہے کہ وہ ہستی اُس کو ہر حال میں دیکھ رہی ہے، اُس کے دل کی بات سن رہی ہے اور اُس کی بگڑی بنانے کی پوری قدرت رکھتی ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کافی میں امام محمد باقر علیہ السلام کی حدیث مبارکہ ہے :
اَفۡضَلُ الۡعِبَادَةِ الدُّعَاءُ دعا بہترین عبادت ہے۔ چنانچہ اہل بیت اطہارؑ کی جانب سے عطا کردہ دعا و مناجات کا مربوط نظام شیعیت کی خصوصیات میں سے ہے جس کی بدولت شیعہ باقی مسلمانوں سے ممتاز ہیں۔

آیت الکرسی کا ابتدائی جملہ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ہمیں سمجھاتا ہے کہ ''اللہ ہے'' اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہی اول ہے وہی آخر ہے وہی ظاہر ہے وہی باطن ہے۔ وہ ایسا ثابت ہے کہ اس کو ثابت کرنے کے لیے دلیل کی ضرورت نہیں۔ اسی بات کو ہم کلمے میں بہ انداز دیگر دہراتے ہیں : لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ نہیں ہے کوئی لائق عبادت مگر ـــــ ''اللہ'' چنانچہ عبادت میں کسی کو اللہ کے ساتھ شریک نہیں کیا جا سکتا۔ قرآن بڑی وضاحت سے بتاتا ہے کہ بارش برسانا، سبزہ اگانا، بیماریوں سے شفا دینا، دشمن پر فتح دینا، اولاد دینا، روزی دینا، پریشانی اور غربت دور کرنا صرف خدائے حی و قیوم کا کام ہے لہٰذا ہمیں فقط اللہ سے دعا مانگنی چاہیے جو اپنے بندوں کا فریاد رس ہے۔ دعائے جوشن کبیر میں ہم اللہ تعالیٰ کو یَا کَاشِفَ الۡبَلَایَا ، یَا کَاشِفَ الۡغَمِّ اور دعائے علقمہ میں یَا کَاشِفَ کُرَبِ الۡمَکۡرُوۡبِیۡن کہہ کر پکارتے ہیں بلکہ اسی دعائے عرفہ میں امام نے اللہ کو کَاشِفَ الضُّرِّ وَالۡبَلۡوٰی فرمایا ہے۔ چنانچہ ہمیں چاہیے کہ اس طرح دعا مانگیں : یَآاِلٰھِیۡ اِکۡشِفۡ کَرۡبِیۡ بِحَقِّ الۡحُسَیۡنِؑ

پروردگار واسطہ خون حسینؑ کا ساماں شتاب کر دے میرے دل کے چین کا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

صحیفہ سجادیہ اور دعاؤں کی دیگر کتابوں میں توسل کا جو ذکر ملتا ہے اس کا مطلب ہے قبولیت دعا کے لیے کسی کو اپنے اور خدا کے درمیان وسیلہ بنانا مثلاً کہنا : اے خدا تجھے واسطہ تیری کبریائی کا یا تیری رحمت کا یا تیری کتاب قرآن کا یا انبیاء ومرسلینؑ ،شہداء وصدیقین کا یا چہاردہ معصومینؑ کا ، یا شہدائے کربلا کا یا مولا عباسؑ کا یا خون علی اصغرؑ کا میری دعا قبول فرما۔ اہل بیتؑ کی دعاؤں میں دیکھا جا سکتا ہے کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجنا دعا کی قبولیت کا بہترین وسیلہ ہے۔ جاننا چاہیے کہ فقط اللہ کارساز ہے، وہی بگڑی بناتا ہے۔ وہ ''قاضی الحوائج'' ہے اور نفوس قدسیہ ''باب الحوائج'' ہیں۔ ان سے توسل کرتے ہوئے آپ براہ راست خدا سے مخاطب ہوتے ہیں اور ''ابواب اللہ'' سے ہوتے ہوئے رب رحیم وکریم کے سامنے دست سوال دراز کرتے ہیں تا کہ ان واسطوں اور وسیلوں کے مقام و مرتبے کے طفیل دعا قبول ہوجائے۔ وسیلہ قبولیت دعا کی شرائط میں سے ہے۔

اہل بیتؑ کی احادیث میں آیا ہے کہ دعا زمین پر خدا کے سامنے پیش کئے جانے والے اعمال میں سب سے پسندیدہ ہے۔ اگر غور کیا جائے تو پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے اہل بیتؑ سے مروی دعائیں ہر مسلمان کے لیے بہترین تربیتی مکتب اور تقلیدی نمونہ ہیں۔ ایک ایسا مکتب جو انسان میں ایمانی قوت ، پکا اعتقاد اور حق وصداقت کے لیے جان دینے کا جذبہ پیدا کرتا ہے، خدا کی عبادت کے راز سے واقف کراتا ہے، مناجات کرنے اور خدا سے دل لگانے کا شوق دلاتا ہے، انسان کو فرض کا پہچاننا ، دین پر چلنا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اور ایسے اسباب مہیا کرنا سکھاتا ہے جو انسان کو خدا کے قریب لاتے ہیں اور بخشواتے ہیں اور اسے تباہیوں، عیاشیوں اور بدعتوں سے دور رکھتے ہیں۔

خدا کے سوا کسی ''بندۂ خدا'' نے نہیں کہا کہ مجھے پکارو میں تمھیں جواب دوں گا۔ فقط خدا کہتا ہے : اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ بلکہ خدا نے تو انسان سے پوچھا ہے : اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ''کون ہے (اللہ کے سوا) جو بے قرار کی دعا سنتا ہے جبکہ وہ اُسے پکارے اور کون اُس کی تکلیف دور کرتا ہے؟'' جواب ہے : اللہ۔

معصومین علیہم السلام کی دعاؤں میں اس طرح کے جملے ملتے ہیں کہ خدایا میں توبہ و اِستغفار کرتا ہوں، میرے گناہ بخش دے اس سلسلے میں عرض ہے کہ مکتبِ تشیع کا اس پر اتفاق ہے کہ انبیاؑء اور ائمہؑ معصوم ہوتے ہیں اور زندگی کے کسی لمحے میں عمداً وسہواً خطا اور گناہ نہیں کرتے خواہ صغیرہ ہو یا کبیرہ مگر احساسِ عبودیت کے پیش نظر وہ اللہ کی بارگاہ میں توبہ اور عفو و درگزر کی التجا کرتے تھے کیونکہ اللہ کے حقوق اور اُس کے اَن گنت احسانات و انعامات کے شکریے سے کوئی بھی عہدہ برآ نہیں ہوسکتا۔ اس لحاظ سے ہر شخص خواہ وہ گناہوں سے محفوظ ہو توبہ و اِستغفار کا محتاج ہے۔ رب تو آخر رب ہے جتنا بھی تَنَزُّل فرمالے اور بندہ بہرحال بندہ ہی ہے جتنی بھی ترقی پالے۔ نبی اور امام اس حق کی ادائیگی سے عجز کا اعتراف اور توبہ و اِستغفار کرتے تھے۔ یہ توبہ کسی گناہ کے نتیجے میں نہیں ہوتی تھی بلکہ عبودیت کے اس مظاہرے کی غرض دَرَجات کی بلندی اور ثواب کا حصول ہوتا تھا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

دعائے عَرَفہ کا لُبِّ لُباب اللہ جَلَّ جَلالَہٗ وعَمَّ نَوالَہٗ کے سامنے بندے کا اظہارِ عجز و نیاز اور اُس کے احسانات و انعامات کی شکر گزاری ہے۔ یہ دعا اسلامی معارف کا وہ زینہ ہے جو توحید اور توبہ کے ذریعے خدا تک پہنچنے کا راستہ بتاتی ہے اور انسان کی روح کو عطرِ معرفت سے معطّر کرتی ہے۔ یہ دعا خدا کی رحمتوں کا بحرِ بیکراں ہے۔ جو کوئی ماہِ مبارک رَمَضان میں بخشش سے محروم رہ گیا ہو، روزِ عَرَفہ اُس کے لیے بخشش کی نوید ہے۔ اس دن سے پورا فائدہ اٹھانا چاہیے اور پورے اِخلاص کے ساتھ خدا سے توبہ و اِستغفار کے ذریعے دنیا و آخرت میں بھلائی اور کامیابی کی دعا کرنی چاہیے۔

میں نے اللہ کی مدد اور توفیق سے اس دعا کا سادہ اور سلیس ترجمہ کرنے کی کوشش کی ہے۔ اُمّید ہے میرا رب اسے قبول فرمائے گا اور مجھے میرے آقا و مولا امام حسین علیہ السلام کی شَفاعت نصیب ہوگی۔ میں نے ترجمہ میں لفظ کے معنی کے علاوہ رمز و اشارہ، کنایہ و استعارہ، اور حقیقت و مجاز کو ملحوظ رکھتے ہوئے بعض جگہ حاصلِ کلام تحریر کر دیا ہے اس غرض سے کہ جس طرح نماز میں پیشانی کے ساتھ دل کو بھی سجدہ ریز ہونا چاہیے اسی طرح دعا پڑھتے ہوئے زبان کے ساتھ دل بھی بولے کہ مالک تیری سلطنت سے فرار ممکن نہیں، تیرا بندہ تیرے پاس آ گیا ہے، اس پر رحم فرما اور اسے معاف کر دے اور خود کو امام حسین علیہ السلام، آپ کے اہلِ حرم اور اصحاب کے ساتھ شریک دعا سمجھے اور ان کے ساتھ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

روئے اور اُن کے ساتھ آمین کہے تو غفورُ الرحیم پروردگار سے قوی اُمّید ہے کہ وہ اپنے کمزور بندے کو بخش دے گا۔

عرفہ یعنی ۹ ذِی الحِجّہ کی مناسبت سے اس دعا کو ۹ حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے تا کہ آپ ہر حصے پر توجہ دے سکیں۔ اس دعا کے کلمات کو قنوت میں بالخصوص نمازِ شب میں پڑھ سکتے ہیں۔ اَنْتَ الَّذِیْ ...اور اَنَاالَّذِیْ جیسے جملے تو زبانی یاد کر لینے چاہئیں۔

میری مُؤدّبانہ گزارش ہے کہ عربی پڑھنے سے پہلے آپ اردو ترجمہ پڑھیں تا کہ جان سکیں کہ آپ اپنے پروردگار سے کیا کہہ رہے ہیں اور اس سے کیا مانگ رہے ہیں۔ الحمد للّٰہ اوّلاً و آخراً

رضا حسین رضوانی عُفِی عَنہٗ

امام حسین علیہ السلام کے صحابی اور غالب اسدی کے بیٹے بِشر اور بشیر روایت کرتے ہیں کہ ہم دونوں عرفہ کے دن بوقتِ عصر میدانِ عرفات میں امام حسین علیہ السلام کی خدمتِ بابرکت میں حاضر تھے کہ آپ اپنے اہلِ حرم اور چند شیعوں کے ساتھ خیمے سے برآمد ہوئے اور خُضُوع و خُشُوع کے عالم میں جبلِ رحمت کے بائیں جانب قبلہ رُخ کھڑے ہو گئے۔ آپ نے دستِ دعا چہرے کے بالمقابل پھیلا دیئے اور ایک سوالی کی طرح ربِّ ذو الجلال سے یوں عجز و نیاز کرنے لگے :

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بسم الله الرّحمن الرّحيم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِى

لَيْسَ لِقَضَآئِهِ دَافِعٌ، وَ لَا لِعَطَآئِهِ مَانِعٌ،
وَلَا كَصُنْعِهِ صُنْعُ صَانِعٍ، وَهُوَ الْجَوَادُ الْوَاسِعُ،
فَطَرَ اَجْنَاسَ الْبَدَآئِعِ، وَ اَتْقَنَ بِحِكْمَتِهِ
الصَّنَآئِعَ، لَا تَخْفٰى عَلَيْهِ الطَّلَآئِعُ، وَلَا
تَضِيْعُ عِنْدَهُ الْوَدَآئِعُ، جَازِىْ كُلِّ صَانِعٍ، وَ
رَآئِشُ كُلِّ قَانِعٍ، وَ رَاحِمُ كُلِّ ضَارِعٍ،
وَ مُنْزِلُ الْمَنَافِعِ وَالْكِتَابِ الْجَامِعِ بِالنُّوْرِ
السَّاطِعِ، وَ هُوَ لِلدَّعَوَاتِ سَامِعٌ، وَ لِلْكُرُبَاتِ
دَافِعٌ، وَلِلدَّرَجَاتِ رَافِعٌ، وَلِلْجَبَابِرَةِ قَامِعٌ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بسم اللہ الرّحمن الرّحیم

ساری تعریف اُس خدا کے لیے مخصوص ہے

جس کے اٹل فیصلوں کو کوئی ٹال نہیں سکتا ، جس کی عطاؤں کو کوئی روک نہیں سکتا ، جس کی مانند بے مثال چیزیں کوئی بنا نہیں سکتا ، وہ ایسا سخی ہے جو بے حساب دیتا ہے ، اُس نے اس کائنات کی تمام چیزوں کو بِلا نمونہ بنایا ہے ، اور اپنی حکمتِ بالغہ سے بہترین تدبیر تصویر اور تقدیر کے ساتھ بنایا ہے ، اُس سے نفس کی خواہشیں چھپی نہیں رہتیں ، اور اُس کے سُپُرد کی گئی بندوں کی امانتیں ضائع نہیں ہوتیں ، وہ ہر عمل کا بدلہ دینے والا ، ہر قناعت شِعار کو آسُودہ رکھنے والا ، ہر کمزور پر رحم کھانے والا ، مفید چیزیں پیدا کرنے والا اور تابناک نور کے ساتھ جامع کتاب "قرآن" نازل کرنے والا ، دعائیں سننے والا ، تکلیفیں دُور کرنے والا ، دَرَجات بلند کرنے والا ، اور جابروں کا صفایا کرنے والا ہے ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فَلَا اِلٰهَ غَيْرُهٗ ، وَلَا شَيْءَ يَعْدِلُهٗ، وَ لَيْسَ
كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ، وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ
اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ، وَ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ،اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَرْغَبُ اِلَيْكَ ، وَ اَشْهَدُ
بِالرُّبُوْبِيَّةِ لَكَ ، مُقِرًّا بِاَنَّكَ رَبِّيْ، وَ اِلَيْكَ
مَرَدِّيْ،اِبْتَدَاْتَنِيْ بِنِعْمَتِكَ قَبْلَ اَنْ اَكُوْنَ
شَيْئًا مَّذْكُوْرًا، وَ خَلَقْتَنِيْ مِنَ التُّرَابِ،ثُمَّ
اَسْكَنْتَنِيْ الْاَصْلَابَ ، اٰمِنًا لِرَيْبِ الْمَنُوْنِ ،
وَاخْتِلَافِ الدُّهُوْرِ وَالسِّنِيْنَ ، فَلَمْ اَزَلْ
ظَاعِنًا مِنْ صُلْبٍ اِلٰى رَحِمٍ فِيْ تَقَادُمٍ مِنَ
الْاَيَّامِ الْمَاضِيَةِ ، وَالْقُرُوْنِ الْخَالِيَةِ ، لَمْ
تُخْرِجْنِيْ لِرَاْفَتِكَ بِيْ وَ لُطْفِكَ لِيْ وَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اس لیے اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، کوئی چیز اُس کے برابر نہیں، اور کوئی شے اُس کی مانند نہیں، وہ سننے والا، دیکھنے والا، باریک چیزوں کو جاننے والا، سب خبر رکھنے والا اور ساری چیزوں پر قدرت رکھنے والا ہے، خدایا! میں اپنی تمام تر توجہات تیری جانب مبذول کئے ہوئے ہوں، تیری رُبوبیّت کی گواہی دیتا ہوں، فقط تجھی کو اپنا رب مانتا ہوں، اور تیری ہی طرف مجھے واپس پلٹ کر آنا ہے، خدایا! تُونے اُس وقت مجھ پر اِنعام فرمایا جب محفلِ کون و مکاں میں میرا ذکر تک نہ تھا، اور تُو نے مجھے مٹی سے پیدا کیا، پھر اصلابِ پدر میں حوادثِ روزگار اور گردشِ مہ و سال کی آفتوں سے امان میں رکھا، چنانچہ میں مسلسل گزشتہ دِہائیوں اور صدیوں میں جنین کی صورت پشتوں سے رحموں میں منتقل ہوتا رہا، یہاں تک کہ تیرے مہر و لطف سے اس دنیا میں آ گیا اور تو نے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اِحْسَانِكَ اِلَیَّ فِیْ دَوْلَةِ اَئِمَّةِ الْكُفْرِ الَّذِیْنَ نَقَضُوْا عَهْدَكَ وَ كَذَّبُوْا رُسُلَكَ، لٰكِنَّكَ اَخْرَجْتَنِیْ لِلَّذِیْ سَبَقَ لِیْ مِنَ الْهُدٰی الَّذِیْ لَهُ یَسَّرْتَنِیْ، وَ فِیْهِ اَنْشَاْتَنِیْ، وَ مِنْ قَبْلِ ذٰلِكَ رَؤُفْتَ بِیْ بِجَمِیْلِ صُنْعِكَ، وَ سَوَابِغِ نِعَمِكَ، فَابْتَدَعْتَ خَلْقِیْ مِنْ مَنِیٍّ یُّمْنٰی، وَ اَسْكَنْتَنِیْ فِیْ ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ بَیْنَ لَحْمٍ وَ دَمٍ وَ جِلْدٍ، لَمْ تُشْهِدْنِیْ خَلْقِیْ وَ لَمْ تَجْعَلْ اِلَیَّ شَیْئًا مِّنْ اَمْرِیْ، ثُمَّ اَخْرَجْتَنِیْ لِلَّذِیْ سَبَقَ لِیْ مِنَ الْهُدٰی اِلَی الدُّنْیَا تَآمًّا سَوِیًّا، وَ حَفِظْتَنِیْ فِی الْمَهْدِ طِفْلًا صَبِیًّا، وَ رَزَقْتَنِیْ مِنَ الْغِذَآءِ لَبَنًا مَرِیًّا، وَ عَطَفْتَ عَلَیَّ قُلُوْبَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

احسان کرتے ہوئے مجھے کافر حکمرانوں کے زمانے میں پیدا نہیں کیا جنھوں نے عہد الست یعنی تیرے عہدِ بندگی کو توڑا اور تیرے نبیوں کو جھٹلایا، بلکہ مجھے اُس زمانے میں پیدا کیا جو تیرے علمِ ازلی میں تھا تاکہ میرے لیے رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زیرِ سایہ ہدایت کا حُصُول آسان ہو، اور گہوارۂ اسلام میں میری پرورش کا انتظام ہو، اور اس سے پہلے کہ میں دنیا میں آؤں تُو نے اچھے عنوان سے میرے لیے محبت ظاہر فرمائی۔ تیرا بہترین برتاؤ اور شایانِ شان اِنعام یہ تھا، کہ تو نے ٹپکائے جانے والے حقیر پانی کی بُوند سے میری تخلیق شروع کی، اور مجھے گوشت، خون اور جلد کے تین تاریک پردوں میں اِس طرح رکھا، کہ نہ مجھے میری خلقت پر گواہ بنایا اور نہ مراحلِ تخلیق میں شَمائل وخصائل کا انتخاب مجھ پر چھوڑا بلکہ جیسا چاہا ویسا بنایا، پھر میری ہدایت کے لیے تیرے علمِ ازلی کے مطابق مجھے صحیح سالم دنیا میں لے آیا، جھولے میں میری حفاظت کی جبکہ میں ایک ننّھا سا بچہ تھا، اور مجھے ماں کے دودھ جیسی تازہ اور خوش گوار غذا دی، دائیوں کے دلوں میں میری

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

الْحَوَاضِنِ ، وَكَفَّلْتَنِي الْاُمَّهَاتِ الرَّوَاحِمَ ، وَكَلَأْتَنِي مِنْ طَوَارِقِ الْجَآنِّ ، وَ سَلَّمْتَنِي مِنَ الزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ ، فَتَعَالَيْتَ يَا رَحِيْمُ يَا رَحْمَانُ ، حَتّٰى اِذَا اسْتَهْلَلْتُ نَاطِقًا بِالْكَلَامِ ، اَتْمَمْتَ عَلَيَّ سَوَابِغَ الْاِنْعَامِ ، وَ رَبَّيْتَنِي زَآئِدًا فِيْ كُلِّ عَامٍ ، حَتّٰى اِذَا اكْتَمَلَتْ فِطْرَتِي ، وَاعْتَدَلَتْ مِرَّتِي ، اَوْجَبْتَ عَلَيَّ حُجَّتَكَ ، بِاَنْ اَلْهَمْتَنِي مَعْرِفَتَكَ ، وَ رَوَّعْتَنِي بِعَجَآئِبِ حِكْمَتِكَ ، وَاَيْقَظْتَنِي لِمَا ذَرَأْتَ فِيْ سَمَآئِكَ وَ اَرْضِكَ مِنْ بَدَآئِعِ خَلْقِكَ ، وَ نَبَّهْتَنِي لِشُكْرِكَ وَ ذِكْرِكَ ، وَ اَوْجَبْتَ عَلَيَّ طَاعَتَكَ وَ عِبَادَتَكَ ، وَ فَهَّمْتَنِي

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

محبّت ڈال دی ، اور رحمدل ماؤں کو میری تربیّت کی ذِمَّہ داری سونپی ، مجھے جِنَّات کے گزند سے بچایا ، اور اُن چیزوں سے محفوظ رکھا جن کی کمی بیشی ذہنی یا جسمانی صحت بگاڑ دیتی ہے ، بڑائی تجھی کو زیبا ہے اے شفیق اے مہربان خدا ، پھر وہ دن بھی آیا کہ میں نے بولنا شروع کیا ، یوں تُو نے مجھ پر اپنی ساری نعمتیں پوری کر دیں ، اور سال بہ سال میرے جسم کو بڑھایا ، حتیٰ کہ میری جسمانی ساخت پوری ہوگئی ، میرے جسم کے اعضاء اور جوڑ بند مضبوط اور عقل پُختہ ہوگئی ، اُس وقت تُو نے مجھ پر روشن دلیل کے ساتھ پاکیزہ زندگی کی راہیں منتخب کرنا لازم کر دیا تاکہ گمراہی کے اندھیروں میں سرگرداں نہ رہوں ، اور مجھ پر اپنی معرفت کا اِلہام کرکے ، اور عجائباتِ عالم میں اپنی حکمت کے جلوے دکھا کے حیران و ششدر کر دیا ، اور ارض و سماء میں اپنی تخلیقات کے کرشموں کے ذریعے میرے اندر اُجالا کر دیا ، اور میری توجہ اپنے شکر اور ذکر کی طرف مبذول کرا دی ، اور اپنی اطاعت و عبادت مجھ پر واجب کر دی ، اور تُو نے مجھے اُس کا فہم دیا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

مَا جَآءَتْ بِهِ رُسُلُكَ، وَيَسَّرْتَ لِىْ تَقَبُّلَ
مَرْضَاتِكَ، وَ مَنَنْتَ عَلَىَّ فِىْ جَمِيْعِ ذٰلِكَ
بِعَوْنِكَ وَ لُطْفِكَ، ثُمَّ اِذْ خَلَقْتَنِىْ مِنْ خَيْرِ
الثَّرٰى، لَمْ تَرْضَ لِىْ يَا اِلٰهِىْ نِعْمَةً دُوْنَ
اُخْرٰى، وَ رَزَقْتَنِىْ مِنْ اَنْوَاعِ الْمَعَاشِ،
وَ صُنُوْفِ الرِّيَاشِ، بِمَنِّكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ
عَلَىَّ، وَ اِحْسَانِكَ الْقَدِيْمِ اِلَىَّ حَتّٰى اِذَا
اَتْمَمْتَ عَلَىَّ جَمِيْعَ النِّعَمِ، وَ صَرَفْتَ عَنِّىْ
كُلَّ النِّقَمِ، لَمْ يَمْنَعْكَ جَهْلِىْ وَ جُرْاَتِىْ
عَلَيْكَ، اَنْ دَلَلْتَنِىْ اِلٰى مَا يُقَرِّبُنِىْ اِلَيْكَ،
وَ وَفَّقْتَنِىْ لِمَا يُزْلِفُنِىْ لَدَيْكَ، فَاِنْ دَعَوْتُكَ
اَجَبْتَنِىْ، وَ اِنْ سَئَلْتُكَ اَعْطَيْتَنِىْ، وَ اِنْ اَطَعْتُكَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

جو تیرے اولوالعزم پیغمبر لے کر آئے تھے، اور میرے لیے اپنی
خوشنودی کی راہ آسان کر دی، اور اپنی مدد اور لطف و کرم سے ان
تمام امور میں مجھ پر بڑا احسان فرمایا، پھر جب تُو مجھے بہترین
مِٹّی سے خلق کر چکا، تو اے خدا تُو نے میرے لیے ایک آدھ نعمت
پر بس نہیں کیا، بلکہ قسم قسم کے اسبابِ معیشت اور طرح طرح
کا سامانِ زندگی دیا، مجھ پر تیرا بہت بڑا احسان اور ہمیشہ ہمیش
لطف رہا، پھر جب تُو نے مجھ پر اپنی ساری نعمتیں پوری کر دیں،
اور مجھ سے تمام بلائیں دور کر دیں، تب میری بے علمی اور بے باکی
تیرے سامنے اس امر میں رکاوٹ نہیں بنی، کہ تُو مجھے اپنے تقرُّب
کی راہ دکھائے، اور توفیق دے کہ میں تیرا محبوب بندہ بن
جاؤں، پس جب میں نے تجھ کو پکارا تُو نے لبیک کہا، جب میں
نے تجھ سے مانگا تُو نے عطا کیا، جب میں نے تیری اطاعت کی

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

شَكَرْتَنِیْ ، وَ اِنْ شَكَرْتُكَ زِدْتَّنِیْ ، كُلُّ ذٰلِكَ

اِكْمَالٌ لِّاَنْعُمِكَ عَلَیَّ ،وَ اِحْسَانِكَ اِلَیَّ ،

فَسُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُبْدِئٍ مُعِیْدٍ

حَمِیْدٍ مَجِیْدٍ ، وَ تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ ، وَ

عَظُمَتْ اٰلَآؤُكَ،فَاَیُّ نِعَمِكَ یَا اِلٰهِیْ اُحْصِیْ

عَدَدًا وَ ذِكْرًا، اَمْ اَیُّ عَطَایَاكَ اَقُوْمُ بِهَا

شُكْرًا،وَ هِیَ یَا رَبِّ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ یُحْصِیَهَا

الْعَآدُّوْنَ ، اَوْ یَبْلُغَ عِلْمًا بِهَا الْحَافِظُوْنَ، ثُمَّ

مَا صَرَفْتَ وَ دَرَاْتَ عَنِّیْ اَللّٰهُمَّ مِنَ الضُّرِّ وَ

الضَّرَّآءِ، اَكْثَرُ مِمَّا ظَهَرَ لِیْ مِنَ الْعَافِیَةِ وَالسَّرَّآءِ.

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تُو نے قدر دانی کی ، اور جب تیرا شکر ادا کیا تُو نے اور زیادہ دیا ، یہ سب دراصل مجھ پر تیری نعمتوں اور احسانوں کی تکمیل ہے ، اے خدا ! تُو ہر عیب ، نَقص ، برائی اور ظلم سے پاک ہے ، تُو بے عیب ہے ، تُو پہلی بار زندگی دینے والا اور اختتامِ زندگی کے بعد دوسری بار زندگی دینے والا ہے ، تُو لائقِ تعریف بڑی شان والا ہے ، تیرے سب نام مقدس ہیں اور تیری ساری نعمتیں بہت بڑی ہیں ، اے خدا ! میں تیری کن کن نعمتوں کو گنوں اور یاد کروں ، یا تیری کس کس عطا کا شکر ادا کروں ، کیونکہ اے میرے پالن ہار ! تیری نعمتیں اتنی زیادہ ہیں کہ گننے والے اُن کو گن نہیں سکتے ، یا بہترین یادداشت رکھنے والے اُن کو یاد نہیں رکھ سکتے ، پھر یہ کہ اے خدا تیری دی ہوئی عافیت اور مَسرَّت سے بڑھ کر تُو نے مجھے نقصانات اور صدمات سے بچایا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۲)

وَ اَنَا اَشْهَدُ يَا اِلٰهِى بِحَقِيْقَةِ اِيْمَانِىْ،
وَ عَقْدِ عَزَمَاتِ يَقِيْنِىْ، وَ خَالِصِ صَرِيْحِ
تَوْحِيْدِىْ، وَ بَاطِنِ مَكْنُوْنِ ضَمِيْرِىْ،
وَ عَلَآئِقِ مَجَارِىْ نُوْرِ بَصَرِىْ، وَ اَسَارِيْرِ
صَفْحَةِ جَبِيْنِىْ، وَ خُرَقِ مَسَارِبِ نَفْسِىْ،
وَ خَذَارِيْفِ مَارِنِ عِرْنِيْنِىْ، وَ مَسَارِبِ
سِمَاخِ سَمْعِىْ، وَ مَا ضُمَّتْ وَ اَطْبَقَتْ عَلَيْهِ
شَفَتَاىَ، وَ حَرَكَاتِ لَفْظِ لِسَانِىْ وَ مَغْرَزِ
حَنَكِ فَمِىْ وَ فَكِّىْ، وَ مَنَابِتِ اَضْرَاسِىْ،
وَ مَسَاغِ مَطْعَمِىْ وَ مَشْرَبِىْ، وَ حِمَالَةِ
اُمِّ رَاْسِىْ، وَ بُلُوْعِ فَارِغِ حَبَآئِلِ عُنُقِىْ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۲)

اے خدا ! میں اپنے ایمان کی حقیقت کے ساتھ ،

میرے قطعی و مضبوط یقین ، میری بے آمیزش خالص توحید ،

میرے وُجود میں سربستہ گہرے خلقی رازوں ، میری بصارت

کے جاری ہونے کی جگہوں ، میرے ماتھے کی لکیروں ، میری

سانس کی نالی کے شِگافوں ، میری ناک کی نرم جھلیوں ، میری

کان کی ہڈیوں تک آواز پہنچانے والی گزرگاہوں ، میرے

ایک دوسرے پرٹھیک سے بند ہونے اور کھلنے والے ہونٹوں، میری

زبان کی حرکات سے نکلنے والے لفظوں ، میرے اوپر نیچے

کے دونوں جبڑوں اور دانت کی جڑوں ، میرے خور و نوش

کے ذائقے کی کلیوں ، میرے دِماغ کو سنبھالنے والی ہڈیوں ،

میری حلق سے معدے تک غذائی نالی کی رگوں ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وَمَا اشْتَمَلَ عَلَيْهِ تَامُوْرُصَدْرِيْ، وَحَمَآئِلِ
حَبْلِ وَتِيْنِيْ، وَ نِيَاطِ حِجَابِ قَلْبِيْ،وَافْلَاذِ
حَوَاشِيْ كَبِدِيْ ، وَ مَا حَوَتْهُ شَرَاسِيْفُ
اَضْلَاعِيْ ، وَ حِقَاقُ مَفَاصِلِيْ ، وَ قَبْضُ
عَوَامِلِيْ، وَاَطْرَافُ اَنَامِلِيْ،وَلَحْمِيْ وَ دَمِيْ ،
وَ شَعْرِيْ وَ بَشَرِيْ ، وَ عَصَبِيْ وَ قَصَبِيْ ،
وَ عِظَامِيْ وَ مُخِّيْ وَ عُرُوْقِيْ ، وَ جَمِيْعُ
جَوَارِحِيْ ، وَ مَا انْتَسَجَ عَلٰى ذٰلِكَ اَيَّامَ
رِضَاعِيْ ،وَ مَا اَقَلَّتِ الْاَرْضُ مِنِّيْ،وَ نَوْمِيْ
وَ يَقْظَتِيْ وَ سُكُوْنِيْ وَ حَرَكَاتِ رُكُوْعِيْ وَ
سُجُوْدِيْ،اَنْ لَوْ حَاوَلْتُ وَاجْتَهَدْتُّ مَدَى
الْاَعْصَارِ وَالْاَحْقَابِ ، لَوْ عُمِّرْتُهَا اَنْ اُؤَدِّيَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

میری چھاتی کی شہ رگ ، میری شہ رگِ حیات ،
غلافِ دل سے جڑی ہوئی بڑی رگ ، نچلی پسلیوں کے پیچھے واقع
میرے جگر کے جڑواں ٹکڑوں ، ایک دوسرے سے پیوستہ اور
خمیدہ میری پسلیوں ، میرے جوڑوں کے اُبھاروں ، میرے
جسم کی کارکردگی میں اعضاء کے باہمی تعلق ، میری انگلیوں کی
پوروں ، میرے گوشت اور خون ، بالوں اور جلد ، اعصاب اور
ہڈی کے ساتھ عُضلات کو جوڑنے والی بافتوں ، ہڈیوں گودوں اور
رگوں ، غرضیکہ میرے تمام اعضاء و جوارح ، اور شیر خوارگی کے
دوران بننے والے میرے بدن کے اجزاء ، زمین پر پڑنے
والے میرے وزن ، میری نیند بیداری اور رکوع و سجود
کے حرکات و سکون ، سب کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ ، اگر میں
ارادہ کروں اور برسوں کوشش کروں ، تب بھی تیری اَن گنت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

شُكْرَ وَاحِدَةٍ مِّنْ اَنْعُمِكَ ، مَا اسْتَطَعْتُ ذٰلِكَ
اِلَّا بِمَنِّكَ الْمُوجِبِ عَلَيَّ بِهٖ شُكْرُكَ اَبَدًا
جَدِيْدًا ، وَ ثَنَآءً طَارِفًا عَتِيْدًا ، اَجَلْ ، وَ لَوْ
حَرَصْتُ اَنَا وَالْعَآدُّوْنَ مِنْ اَنَامِكَ ، اَنْ
نُّحْصِيَ مَدٰى اِنْعَامِكَ سَالِفِهٖ وَ اٰنِفِهٖ ،
مَا حَصَرْنَاهُ عَدَدًا ، وَ لَا اَحْصَيْنَاهُ اَمَدًا ،
هَيْهَاتَ اَنّٰى ذٰلِكَ ، وَاَنْتَ الْمُخْبِرُ فِیْ كِتَابِكَ
النَّاطِقِ ، وَالنَّبَاِ الصَّادِقِ : *وَاِنْ تَعُدُّوا نِعْمَةَ
اللّٰهِ لَا تُحْصُوهَا*. صَدَقَ كِتَابُكَ اللّٰهُمَّ
وَ اِنْبَآؤُكَ ، وَ بَلَّغَتْ اَنْبِيَآؤُكَ وَ رُسُلُكَ مَا
اَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ مِنْ وَّحْيِكَ ، وَ شَرَعْتَ لَهُمْ
وَ بِهِمْ مِّنْ دِيْنِكَ.

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

نعمتوں میں سے ایک نعمت کا بھی شکر ادا نہ کر سکوں، مگر یہ کہ تیرا فضل و کرم میرے شامل حال ہوجائے جو اِس بات کا مُوجِب بنے کہ میں تیرے شکرانے کی تجدید کروں، اور تیری ایسی مدح و ثناء کروں جو نئی اور توانا ہو، سچ تو یہ ہے، کہ اگر میں اور سب گننے والے، مِل کر تیری اگلی پچھلی نعمتوں کو گننے کی سر توڑ کوشش کریں، تب بھی ان کو ہرگز نہیں گن سکیں گے، ایسا ہونا بالکل بعید ہے، جیسا کہ تُو خود اپنی کتابِ ناطق اور بیانِ صادق میں فرما چکا ہے: ''اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کا شمار کرنا چاہو تو نہیں کر سکتے۔'' اے خدا! تیری کتاب بھی سچی ہے اور خبر بھی سچی ہے، اور تُو نے اپنے نبیوں اور رسولوں پر جو باتیں وحی کے ذریعے بھیجی تھیں اور دِین کا جو طریقہ اور شریعت کے جو احکام اُن کو سونپے تھے وہ سب اُنھوں نے پہنچا دیئے ہیں۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(٣)

غَيْرَ اَنِّیْ یَا اِلٰهِیْ اَشْهَدُ بِجُهْدِیْ وَ
جِدِّیْ ، وَ مَبْلَغِ طَاقَتِیْ وَ وُسْعِیْ ، وَ اَقُوْلُ
مُؤْمِنًا مُوْقِنًا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ
وَلَدًا فَیَكُوْنَ مَوْرُوْثًا ، وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ
فِیْ مُلْكِهٖ فَیُضَادَّهٗ فِیْمَا ابْتَدَعَ ، وَلَا وَلِیٌّ مِّنَ
الذُّلِّ فَیُرْفِدَهٗ فِیْمَا صَنَعَ فَسُبْحَانَهٗ
سُبْحَانَهٗ ، لَوْ كَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ
لَفَسَدَتَا وَ تَفَطَّرَتَا ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْوَاحِدِ
الْاَحَدِ الصَّمَدِ ، الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَ لَمْ یُوْلَدْ ،
وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا
یُعَادِلُ حَمْدَ مَلآئِكَتِهِ الْمُقَرَّبِیْنَ ، وَ اَنْبِیَآئِهٖ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۳)

علاوہ ازیں اے خدا! میں اپنی سعی و کوشش، اور طاقت و ہمّت کے مطابق گواہی دیتا ہوں، اور اپنے ایمان و یقین کے ساتھ کہتا ہوں، کہ لائقِ حمد ہے وہ خدا جس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا ہے کہ اُس کی میراث پائے، اور نہ کوئی بادشاہی میں اُس کا شریک ہے جو خلق و ایجاد میں اُس کے مقابِل آئے، اور نہ وہ کمزور ہے کہ اُس کا کوئی مددگار ہو جو تخلیق کے کام میں اُس کا ہاتھ بٹائے وہ بے عیب ہے وہ بے عیب ہے، اگر زمین و آسمان میں ایک اللہ کے سوا فی الواقع دوسرے خدا بھی ہوتے تو دونوں کا نظام دَرہم بَرہم ہوجاتا اور وہ تباہ ہوجاتے، بے عیب اللہ ایک اکیلا اور بے نیاز ہے، اُس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے، اور نہ کوئی اُس کے جوڑ کا ہے، میں مستحقِ حمد خدا کی اُس کے مُقرّب فرشتوں، اور مُرسَل نبیوں، جیسی حمد

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

الْمُرْسَلِيْنَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خِيَرَتِهٖ مُحَمَّدٍ
خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَ اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ
الْمُخْلَصِيْنَ وَسَلَّمَ.

(٤)

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ اَخْشَاكَ كَاَنِّيْ اَرَاكَ ، وَ
اَسْعِدْنِيْ بِتَقْوَاكَ، وَلَا تُشْقِنِيْ بِمَعْصِيَتِكَ،
وَ خِرْلِيْ فِيْ قَضَآئِكَ ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْ قَدَرِكَ ،
حَتّٰى لَا اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَا اَخَّرْتَ ، وَ لَا
تَاْخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ . اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ غِنَایَ فِيْ
نَفْسِيْ ، وَالْيَقِيْنَ فِيْ قَلْبِيْ ، وَالْاِخْلَاصَ فِيْ
عَمَلِيْ ، وَالنُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ ، وَالْبَصِيْرَةَ فِيْ

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بجا لاتا ہوں ، اور خدا کا دُرود و سلام ہو اُس کی بہترین مخلوق خاتَم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نیز نجاستوں سے پاک اُن کی آل پر جنھیں اُس نے اپنے لیے خالص کر لیا ہے۔

(۴)

خدا کے یہ اوصافِ حمیدہ بیان کر کے آپ نے بارگاہ الٰہی میں اپنی حاجتیں پیش کرنا شروع کیں جبکہ آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے :

اے خدا مجھے ایسا بنا دے کہ میں تجھ سے اس طرح ڈروں گویا تجھے سامنے دیکھ رہا ہوں ، مجھے اپنے تقویٰ کے ذریعے خوش بخت بنا ، اور ارتکابِ معصیت کی بدبختی سے بچا ، میرے حق میں بہتر فیصلے دے ، اور اپنے فیصلوں کو میرے لیے بابرکت قرار دے ، یہاں تک کہ جن اُمور میں تُو جلدی چاہتا ہے میں اُن میں دیر نہ کروں ، اور جن اُمور میں تُو دیر چاہتا ہے میں اُن میں جلدی نہ کروں ، اے خدا ! میرے دل کو غنی کر دے ، میرے دل میں یقین پیدا کر دے ، میرے عمل میں اِخلاص ، میری آنکھوں میں بینائی اور میرے دل میں دینی اُمور کی بصیرت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

دِيْنِىْ ، وَ مَتِّعْنِىْ بِـجَوَارِحِىْ ، وَاجْعَلْ سَمْعِىْ
وَ بَصَرِىَ الْوَارِثَيْنِ مِنِّىْ ، وَانْصُرْنِىْ عَلٰى مَنْ
ظَلَمَنِىْ ، وَ اَرِنِىْ فِيْهِ ثَارِىْ وَ مَآرِبِىْ ، وَ اَقِرَّ
بِذٰلِكَ عَيْنِىْ ، اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ كُرْبَتِىْ ،
وَاسْتُرْ عَوْرَتِىْ ، وَاغْفِرْ لِىْ خَطِيْٓئَتِىْ ، وَاخْسَأْ
شَيْطَانِىْ ، وَ فُكَّ رِهَانِىْ ، وَاجْعَلْ لِّىْ يَا اِلٰهِى
الدَّرَجَةَ الْعُلْيَا فِى الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ، اَللّٰهُمَّ
لَكَ الْـحَمْدُ كَمَا خَلَقْتَنِىْ ، فَـجَعَلْتَنِىْ سَمِيْعًا
بَصِيْـرًا ، وَ لَكَ الْـحَمْدُ كَمَا خَلَقْتَنِىْ ،
فَـجَعَلْتَنِىْ خَلْقًا سَوِيًّا رَحْمَةً بِىْ ، وَ قَدْ كُنْتَ
عَنْ خَلْقِىْ غَنِيًّا ، رَبِّ بِـمَا بَرَاْتَنِىْ فَعَدَّلْتَ
فِطْرَتِىْ ، رَبِّ بِـمَا اَنْشَاْتَنِىْ فَاَحْسَنْتَ صُوْرَتِىْ ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

عطا فرما ، اور مجھے میرے اعضاء و جوارح سے فائدہ اٹھانے والا بنا دے ، میرے کانوں اور آنکھوں کو آخر دم تک سلامت رکھ ، جو مجھ پر ظلم کرے اُس کے خلاف میری مدد کر ، اور اُس سے میرے سامنے انتقام لے ، اور اس سے میری آنکھیں ٹھنڈی کر ، اے میرے خدا ! مجھ سے تکلیفیں دور فرما ، میری برائیاں چھپا لے ، میری خطائیں بخش دے ، میرے شیطان کو مجھ سے دور رکھ ، مجھے نارِ جہنّم سے آزاد کر دے ، اے میرے خدا ! دنیا و آخرت میں میرے دَرَجات بلند فرما ، اے میرے معبود ! تیرا شکریہ کہ جب تُونے مجھے پیدا کیا ، تو سننے والا دیکھنے والا بنایا ، اور تیرا شکریہ کہ جب تُو نے مجھے پیدا کیا تو از راہِ مہربانی صحیح سالِم پیدا کیا ، حالانکہ تُو میری پیدائش سے بے نیاز تھا ، پروردگار ! جس طرح تُو نے مجھے پیدا کیا اور جسم کے عناصر کو مُتوازِن اور اعضاء کو مُتناسِب رکھا ، پروردگار ! جس طرح تُو نے مجھے پیدا کیا تو بہترین صورت پر پیدا کیا ، پروردگار ! جس طرح

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

رَبِّ بِمَا اَحسَنتَ اِلَیَّ وَ فِیْ نَفْسِیْ عَافَیْتَنِیْ ،
رَبِّ بِمَا کَلَاْتَنِیْ وَ وَفَّقْتَنِیْ ، رَبِّ بِمَا اَنْعَمْتَ
عَلَیَّ فَهَدَیْتَنِیْ ، رَبِّ بِمَا اَوْلَیْتَنِیْ وَ مِنْ کُلِّ
خَیْرٍ اَعْطَیْتَنِیْ ، رَبِّ بِمَا اَطْعَمْتَنِیْ وَ سَقَیْتَنِیْ ،
رَبِّ بِمَا اَغْنَیْتَنِیْ وَ اَقْنَیْتَنِیْ ، رَبِّ بِمَا
اَعَنْتَنِیْ وَ اَعْزَزْتَنِیْ ، رَبِّ بِمَا اَلْبَسْتَنِیْ مِنْ
سِتْرِکَ الصَّافِیْ ، وَ یَسَّرْتَ لِیْ مِنْ صُنْعِكَ
الْکَافِیْ ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ،
وَ اَعِنِّیْ عَلٰی بَوَآئِقِ الدُّهُوْرِ ، وَ صُرُوْفِ
اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ ، وَ نَجِّنِیْ مِنْ اَهْوَالِ الدُّنْیَا
وَ کُرُبَاتِ الْاٰخِرَةِ ، وَاکْفِنِیْ شَرَّ مَا یَعْمَلُ
الظَّالِمُوْنَ فِی الْاَرْضِ ، اَللّٰهُمَّ مَا اَخَافُ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تُونے مجھ پر احسان کیا اور میرے دل میں سکون و قرار کو جاگزیں کیا، پروردگار! جس طرح تو نے مجھے محفوظ رکھا اور کامیاب و کامران کیا، پروردگار! جس طرح تُو نے مجھے نعمتوں سے نوازا اور ہدایت کا راستہ دکھلایا، پروردگار! جس طرح تُو نے مجھے نوازا اور ہر خیر میں سے حصّہ دیا، پروردگار! جس طرح تُو نے مجھے کِھلایا اور پلایا، پروردگار! جس طرح تو نے مجھے غنی کیا اور مال و متاع دیا، پروردگار! جس طرح تُونے میری مدد کی اور عزت بخشی، پروردگار! جس طرح تو نے مجھے اپنے پاس سے صاف لباس پہنایا، اور میرے لیے اپنی کافی ساری مصنوعات کا استعمال سہل بنایا، اسی طرح محمدؐ و آل محمدؐ پر اپنی رحمتیں نازل فرما، اور زمانے کی سِتم ظریفیوں، اور دن رات کی آزمائشوں سے نکلنے میں میری مدد فرما، مجھے دنیا کے خطرات اور آخرت کے اِضطِراب سے نجات دے، اور ظالم زمین پر جو شر انگیزیاں کر رہے ہیں مجھے اُن کے شر سے محفوظ رکھ، بارالٰہا! جس چیز کا مجھے خوف لگا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فَاكْفِنِیْ ، وَ مَا اَحْذَرُ فَقِنِیْ ، وَ فِیْ نَفْسِیْ وَ
دِیْنِیْ فَاحْرُسْنِیْ ، وَ فِیْ سَفَرِیْ فَاحْفَظْنِیْ ،
وَفِیْ اَهْلِیْ وَ مَالِیْ فَاخْلُفْنِیْ ، وَ فِیْمَا رَزَقْتَنِیْ
فَبَارِكْ لِیْ ، وَفِیْ نَفْسِیْ فَذَلِّلْنِیْ ، وَفِیْ اَعْیُنِ
النَّاسِ فَعَظِّمْنِیْ ، وَ مِنْ شَرِّ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ
فَسَلِّمْنِیْ ، وَ بِذُنُوْبِیْ فَلَا تَفْضَحْنِیْ ، وَ
بِسَرِیْرَتِیْ فَلَا تُخْزِنِیْ ، وَ بِعَمَلِیْ فَلَا
تَبْتَلِنِیْ ، وَ نِعَمَكَ فَلَا تَسْلُبْنِیْ ، وَ اِلٰی
غَیْرِكَ فَلَا تَكِلْنِیْ ، اِلٰهِیْ اِلٰی مَنْ تَكِلُنِیْ ، اِلٰی
قَرِیْبٍ فَیَقْطَعُنِیْ ، اَمْ اِلٰی بَعِیْدٍ فَیَتَجَهَّمُنِیْ ،
اَمْ اِلَی الْمُسْتَضْعَفِیْنَ لِیْ وَ اَنْتَ رَبِّیْ ، وَ مَلِیْكُ
اَمْرِیْ ، اَشْكُوْ اِلَیْكَ غُرْبَتِیْ ، وَ بُعْدَ دَارِیْ ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

رہتا ہے اُس سے امان دے ، اور جس چیز کا دھڑکا لگا رہتا ہے اُس سے مجھے بچا لے ، میری شخصیت اور دین کی حفاظت فرما ، سفر میں میری نگہبانی فرما ، میرے پیچھے میرے خاندان اور مال و متاع کی دیکھ بھال فرما ، اور جو رزق تو نے دیا ہے اُس میں برکت ڈال دے ، مجھے خود اپنی نظروں میں چھوٹا اور لوگوں کی نظروں میں باعزت بنا دے ، مجھے جِنّوں اور انسانوں کے شر سے محفوظ رکھ ، میرے گناہوں کے سبب مجھے رسوا نہ کرنا ، میرے راز فاش کر کے مجھے شرمندہ نہ کرنا ، میرے اعمال کی وجہ سے مجھے مصیبتوں میں گرفتار نہ کرنا ، مجھ سے اپنی نعمتیں واپس نہ لینا ، مجھے اپنے سوا کسی کے حوالے نہ کرنا ، بار الٰہا ! تُو مجھے کس کے حوالے کرے گا ، رشتے داروں کے حوالے تاکہ وہ مجھے دیکھ کر منہ پھیر لیں ، یا بیگانوں کے حوالے جو مجھ سے درشتی کے ساتھ پیش آئیں ، یا اُن کے حوالے جو مجھے کمزور بنا دیں جبکہ تُو ہی میرا رب ہے ، اور میرے سارے معاملات تیرے ہاتھ میں ہیں ، خدایا ! میں تجھ سے اپنی غریبُ الوطنی کی ، گھر بار سے دُوری کی ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وَ هَوَانِیْ عَلٰی مَنْ مَّلَّکْتَہٗ اَمْرِیْ ، اِلٰهِیْ فَلَا
تُحْلِلْ عَلَیَّ غَضَبَكَ ، فَاِنْ لَمْ تَكُنْ غَضِبْتَ
عَلَیَّ فَلَا اُبَالِیْ، سُبْحَانَكَ غَیْرَ اَنَّ عَافِیَتَكَ
اَوْسَعُ لِیْ ، فَاَسْئَلُكَ یَا رَبِّ بِنُوْرِ وَجْهِكَ
الَّذِیْ اَشْرَقَتْ لَهُ الْاَرْضُ وَالسَّمٰوٰتُ ،
وَكُشِفَتْ بِهِ الظُّلُمَاتُ ، وَ صَلُحَ بِهِ اَمْرُ
الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ، اَنْ لَّا تُمِیْتَنِیْ عَلٰی
غَضَبِكَ ، وَلَا تُنْزِلَ بِیْ سَخَطَكَ ، لَكَ
الْعُتْبٰی لَكَ الْعُتْبٰی حَتّٰی تَرْضٰی قَبْلَ ذٰلِكَ ،
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ.

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اور اُس شخص کی نگاہ میں اپنی بے قدری کی شکایت کرتا ہوں جس کو تو نے میرے معاملے کا مالک بنا دیا ہے ، بار الٰہا ! مجھ سے ناراض نہ ہونا ، اگر تو مجھ سے ناراض نہیں ہے تو مجھے کسی اور کی ناراضگی کی کچھ پروا نہیں ، تُو بے عیب ہے بے شک تیری عافیت میرے لیے بڑی وسیع ہے ، اے میرے پروردگار ! تجھے قسم ہے تیری ذات کے اُس نور کی جس سے تو نے زمین و آسمان میں اُجالا کر رکھا ہے اور جس کے ذریعے گمراہیوں کے پردے ہٹا دیئے ہیں ، اور یوں اگلوں اور پچھلوں کے معاملات کی اِصلاح فرما دی ہے ، مجھے اِس حال میں دنیا سے نہ اٹھانا کہ تُو مجھ سے ناراض ہو اور نہ مجھ پر تیرا عتاب نازل ہو ، میں تجھ سے راضی ہوں ، میں تجھ سے راضی ہوں حتیٰ کہ تو مجھ سے قبل از موت راضی ہو جائے ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(٥)

رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ ، وَالْمَشْعَرِ
الْحَرَامِ ، وَالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ الَّذِیْ اَحْلَلْتَهُ
الْبَرَكَةَ ، وَ جَعَلْتَهُ لِلنَّاسِ اَمْنًا ، يَا مَنْ عَفَا
عَنْ عَظِيْمِ الذُّنُوْبِ بِحِلْمِهٖ ، يَا مَنْ اَسْبَغَ
النَّعْمَآءَ بِفَضْلِهٖ ، يَا مَنْ اَعْطَى الْجَزِيْلَ
بِكَرَمِهٖ ، يَا عُدَّتِیْ فِیْ شِدَّتِیْ ، يَا صَاحِبِیْ
فِیْ وَحْدَتِیْ ، يَا غِيَاثِیْ فِیْ كُرْبَتِیْ ، يَا وَلِيِّیْ
فِیْ نِعْمَتِیْ ، يَا اِلٰهِیْ وَ اِلٰهَ اٰبَآئِیْ ، اِبْرَاهِيْمَ وَ
اِسْمَاعِيْلَ ، وَ اِسْحَاقَ وَ يَعْقُوْبَ ، وَ رَبَّ
جَبْرَئِيْلَ وَ مِيْكَائِيْلَ وَ اِسْرَافِيْلَ ، وَ رَبَّ
مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ ، وَ اٰلِهِ الْمُنْتَجَبِيْنَ ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۵)

تُو محترم شہر مکہ، مَشعرُالحرام، اور قدیم گھر خانۂ کعبہ کا
– جسے تُو نے برکت دی ہے – پروردگار ہے، اور تُو نے اسے لوگوں
کے لیے امن کا شہر بنایا ہے، اے وہ جو طاقت رکھنے کے باوُجود
اپنی بُردباری سے لوگوں کے بڑے بڑے گناہوں کو معاف
کر دیتا ہے، اے وہ جو اپنے فضل سے بھرپور نعمتیں دیتا ہے،
اے وہ جو اپنے کرم سے بے حساب دیتا ہے، اے میری سختیوں
کو دور کرنے والے، اے میری تنہائی کے مُونس و ہَمدم، اے
مشکلوں میں میرے دست گیر، اے میرے خداوندِ نعمت، اے
میرے خدا اور میرے آباء و اجداد، ابراہیمؑ و اسماعیلؑ، اور اسحاقؑ
و یعقوبؑ کے خدا، اور جبرئیلؑ مِیکائیلؑ اور اِسرافیلؑ کے رب،
اور خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اُن کی منتخب آل کے رب،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وَ مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ
وَالْفُرْقَانِ،وَ مُنْزِّلَ كٓهٰيٰعٓصٓ وَ طٰهٰ وَ يٰسٓ،
وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ، اَنْتَ كَهْفِى حِيْنَ
تُعْيِيْنِى الْمَذَاهِبُ فِىْ سَعَتِهَا ، وَ تَضِيْقُ بِىَ
الْاَرْضُ بِرُحْبِهَا ، وَ لَوْلَا رَحْمَتُكَ لَكُنْتُ
مِنَ الْهَالِكِيْنَ ، وَ اَنْتَ مُقِيْلُ عَثْرَتِىْ ،
وَ لَوْلَا سَتْرُكَ اِيَّاىَ لَكُنْتُ مِنَ الْمَفْضُوْحِيْنَ
وَ اَنْتَ مُؤَيِّدِىْ بِالنَّصْرِ عَلٰى اَعْدَآئِىْ ، وَ لَوْلَا
نَصْرُكَ اِيَّاىَ لَكُنْتُ مِنَ الْمَغْلُوْبِيْنَ ، يَا مَنْ
خَصَّ نَفْسَهٗ بِالسُّمُوِّ وَالرِّفْعَةِ ، فَاَوْلِيَآئُهٗ
بِعِزِّهٖ يَعْتَزُّوْنَ ، يَا مَنْ جَعَلَتْ لَهُ الْمُلُوْكُ
نِيْرَ الْمَذَلَّةِ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ فَهُمْ مِنْ سَطَوَاتِهٖ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اے تورات اِنجیل زَبور اور فرقان اتارنے والے ، اے کٓھٰیٰعٓصٓ اور طٰہٰ اور یٰسٓ ، اور قرآن حکیم کے نازل کرنے والے ، تُو اُس وقت بھی میری پناہ گاہ ہے جب زندگی کے مختلف راستے اپنی وُسعت کے باوُجود مجھے کمزور بنا دیں ، اور زمین اپنی کُشادگی کے باوجود مجھ پر تنگ ہوجائے ، اگر تیری رحمت شاملِ حال نہ ہوتو میں ضرور ہلاک ہوجاؤں ، تُو میری لغزشوں سے درگزر کرنے والا ہے ، اور تیری پردہ پوشی نہ ہوتو میں ضرور رُسوا ہوجاؤں ، تُو ہی دُشمنوں کے مقابلے میں میری مدد کرنے والا ہے ، اگر تیری مدد نہ ہوتو میں ضرور مغلوب ہوجاؤں ، اے وہ خدا جس نے بُلندی اور رِفعت کو اپنی ذاتِ گرامی کے لیے مخصوص کر رکھا ہے ، تیرے دوست تیری دی ہوئی عزت سے عزت دار ہیں ، اے وہ خدا جس کے سامنے بادشاہوں نے پستی وخواری کا جُوا اپنی گردنوں میں ڈال رکھا ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

خَآئِفُوْنَ ، يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَ مَا تُخْفِى
الصُّدُوْرُ ، وَ غَيْبَ مَا تَأْتِىْ بِهِ الْاَزْمِنَةُ
وَالدُّهُوْرُ ، يَا مَنْ لَّا يَعْلَمُ كَيْفَ هُوَ اِلَّا هُوَ ،
يَا مَنْ لَّا يَعْلَمُ مَا هُوَ اِلَّا هُوَ ، يَا مَنْ
لَّا يَعْلَمُهٗ اِلَا هُوَ ، يَا مَنْ كَبَسَ الْاَرْضَ عَلَى
الْمَآءِ ، وَ سَدَّ الْهَوَآءَ بِالسَّمَآءِ ، يَا مَنْ لَهٗ
اَكْرَمُ الْاَسْمَآءِ ، يَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِىْ لَا
يَنْقَطِعُ اَبَدًا ، يَا مُقَيِّضَ الرَّكْبِ لِيُوْسُفَ فِى
الْبَلَدِ الْقَفْرِ ، وَ مُخْرِجَهٗ مِنَ الْجُبِّ ، وَ جَاعِلَهٗ
بَعْدَ الْعُبُوْدِيَّةِ مَلِكًا ، يَا رَادَّهٗ عَلٰى يَعْقُوْبَ
بَعْدَ اَنِ ابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ
كَظِيْمٌ ، يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلْوٰى عَنْ اَيُّوْبَ ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کیونکہ وہ اُس کے دبدبے سے ڈرتے ہیں ، وہ تو آنکھوں کے خیانت کار اشاروں اورسینوں میں چھپے ہمہ رنگ رازوں کو جانتا ہے ، اور وہ آنے والے وقتوں اور زمانوں کے تمام حالات سے باخبر ہے ، اے وہ جس کی کیفیت کو اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ کیسا ہے ، اے وہ جس کی ماہیت کو اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا کہ وہ کیا ہے ، اے وہ جس کی حقیقت کو اُس کے سوا کوئی نہیں جانتا ، اے وہ جس نے زمین کو پانی کی سطح کے اوپر رکھا اور ہوا کو آسمان کی فضا میں باندھا ، اے وہ جس کے سب نام عالی شان ہیں ، اے صاحبِ احسان تیرے احسانات کا سلسلہ کبھی نہ ٹوٹے گا ، اے یوسفؑ کے لیے دشتِ بے آب میں قافلہ لانے والے ، اور اُن کو کنویں سے نکال کر غلامی کے بعد بادشاہ بنانے والے ، اے وہ جس نے کھوئے ہوئے یوسفؑ کو اُن کے باپ یعقوبؑ سے ملایا بعد اس کے کہ رنج و الم میں اُن کی آنکھیں سفید پڑ گئی تھیں اور وہ غم برداشت کرتے رہے ، اے ایوبؑ سے تکلیف اور مصیبت دور کرنے والے ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وَ مُمْسِكَ يَدَىْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ ذَبْحِ ابْنِهٖ ،
بَعْدَ كِبَرِ سِنِّهٖ وَ فَنَآءِ عُمُرِهٖ ، يَا مَنِ
اسْتَجَابَ لِزَكَرِيَّا فَوَهَبَ لَهٗ يَحْيٰى ، وَ لَمْ
يَدَعْهُ فَرْدًا وَحِيْدًا ، يَا مَنْ اَخْرَجَ يُوْنُسَ
مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ ، يَا مَنْ فَلَقَ الْبَحْرَ
لِبَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ فَاَنْجَاهُمْ ، وَجَعَلَ فِرْعَوْنَ
وَ جُنُوْدَهٗ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ ، يَا مَنْ اَرْسَلَ
الرِّيَاحَ مُبَشِّراتٍ بَيْنَ يَدَىْ رَحْمَتِهٖ ، يَا
مَنْ لَّمْ يَعْجَلْ عَلٰى مَنْ عَصَاهُ مِنْ خَلْقِهٖ ،
يَا مَنِ اسْتَنْقَذَ السَّحَرَةَ مِنْ بَعْدِ طُوْلِ
الْجُحُوْدِ ، وَ قَدْ غَدَوْا فِىْ نِعْمَتِهٖ يَاْكُلُوْنَ
رِزْقَهٗ ، وَ يَعْبُدُوْنَ غَيْرَهٗ ، وَ قَدْ حَآدُّوْهُ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کِبر سِنی اور عمر رسیدہ ہوجانے کے بعد بیٹے کو قربان کرتے
وقت ابراہیمؑ کا ہاتھ روک لینے والے ، اے زکریاؑ کی دعا
کو شرفِ قبولیت عطا کرکے انھیں یحییٰؑ سا بیٹا دے کر اکیلا
اور لاوارث نہ چھوڑنے والے ، اے یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ
سے باہر نکالنے والے ، اے بنی اسرائیل کو سَمندر پھاڑ کر
نجات دلانے ، اور فرعون کو اُس کے لشکر سمیت سَمندر میں
غرق کر دینے والے ، اے بارانِ رحمت کی خوش خبری
دینے والی ہواؤں کو بھیجنے والے ، اے اپنے گناہ گار بندوں
کو عذاب دینے میں جلدی نہ کرنے والے ، اے ساحرانِ
فرعون کو — جو تیری نعمتوں میں پل رہے تھے تیرا دیا
ہوا رزق کھاتے تھے تیرے غیر کی عبادت کرتے تھے
تیری مخالفت کرتے تھے اُن ہستیوں کو پکارتے تھے جن کو تیرا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وَ نَآدَوْهُ ، وَ كَذَّبُوا رُسُلَهٗ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ
يَا بَدِیْءُ ، يَا بَدِيْعًا لَا نِدَّ لَكَ ، يَا دَآئِمًا
لَا نَفَادَ لَكَ ، يَا حَيًّا حِيْنَ لَا حَیَّ ، يَا مُحْيِیَ
الْمَوْتٰی ، يَا مَنْ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰی كُلِّ نَفْسٍ بِمَا
كَسَبَتْ ، يَا مَنْ قَلَّ لَهٗ شُكْرِیْ فَلَمْ
يَحْرِمْنِیْ ، وَ عَظُمَتْ خَطِيْٓئَتِیْ فَلَمْ يَفْضَحْنِیْ ،
وَ رَاٰنِیْ عَلَی الْمَعَاصِیْ فَلَمْ يَشْهَرْنِیْ ، يَا مَنْ
حَفِظَنِیْ فِیْ صِغَرِیْ ، يَا مَنْ رَزَقَنِیْ فِیْ كِبَرِیْ ،
يَا مَنْ اَيَادِيْهِ عِنْدِیْ لَا تُحْصٰی ، وَ نِعَمُهٗ
لَا تُجَازٰی ، يَا مَنْ عَارَضَنِیْ بِالْخَيْرِ
وَالْاِحْسَانِ ، وَ عَارَضْتُهٗ بِالْاِسَآئَةِ وَالْعِصْيَانِ ،
يَا مَنْ هَدَانِیْ لِلْاِيْمَانِ مِنْ قَبْلِ اَنْ اَعْرِفَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

شریک سمجھ بیٹھے تھے اور تیرے رسولوں کو جھٹلا چکے تھے – طویل مدّت تک کفر کرنے کے بعد بھی بچا لینے والے ، خُدایا ! خدایا ! اے عدم کے سنّاٹے میں موجودات کی تخلیق کا آغاز کرنے والے ، اے بلانمونہ چیزیں ایجاد کرنے والے ،تو بے ہمتا و بے مثال ہے تجھ جیسا دوسرا کوئی نہیں ، اے قائم و دائم تجھے ہرگز فنا نہیں ، تو اُس وقت بھی زندہ رہے گا جب کوئی جان دار زندہ نہ رہے گا ، اے مُردوں کو زندہ کرنے والے ، اے ہر آدمی کے عمل پر نگہبان ، اے وہ خدا جس کا میں نے بہت کم شکر ادا کیا مگر اُس نے مجھے اپنی نعمتوں سے محروم نہ کیا ، میری خطائیں اگرچہ بڑی ہیں مگر اُس نے مجھے رسوا نہ کیا ، اور اُس نے مجھے گناہ کرتے ہوئے دیکھا مگر بدنام نہ کیا ، اے وہ جس نے بچپن میں میری حفاظت کی ، اور بڑی عمر میں بھی رزق دیا ، اے وہ جس کے مجھ پر احسانات بے شمار ہیں ، اور جس کی نعمتیں بے بدل ہیں ، اے وہ جو میرے ساتھ خیر و احسان سے پیش آیا ، اور میں جواب میں اُس کے پاس برائی اور معصیت لے آیا ، اے وہ جس نے مجھے ایمان کی ہدایت نصیب کی قبل اس کے کہ میں شکرِ نعمت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

شُكْرَ الْاِمْتِنَانِ ، يَا مَنْ دَعَوْتُهُ مَرِيْضًا
فَشَفَانِيْ ، وَ عُرْيَانًا فَكَسَانِيْ ، وَ جَآئِعًا
فَاَشْبَعَنِيْ ، وَ عَطْشَانًا فَاَرْوَانِيْ ، وَ ذَلِيْلًا
فَاَعَزَّنِيْ ، وَ جَاهِلًا فَعَرَّفَنِيْ ، وَ وَحِيْدًا
فَكَثَّرَنِيْ ، وَ غَآئِبًا فَرَدَّنِيْ ، وَ مُقِلًّا فَاَغْنَانِيْ ،
وَ مُنْتَصِرًا فَنَصَرَنِيْ وَ غَنِيًّا فَلَمْ يَسْلُبْنِيْ ،
وَ اَمْسَكْتُ عَنْ جَمِيْعِ ذٰلِكَ فَابْتَدَانِيْ ،
فَلَكَ الْحَمْدُ وَالشُّكْرَ يَا مَنْ اَقَالَ عَثْرَتِيْ ،
وَ نَفَّسَ كُرْبَتِيْ ، وَ اَجَابَ دَعْوَتِيْ وَ سَتَرَ
عَوْرَتِيْ ، وَ غَفَرَ ذُنُوْبِيْ ، وَ بَلَّغَنِيْ طَلِبَتِيْ ،
وَ نَصَرَنِيْ عَلٰى عَدُوِّيْ ، وَ اِنْ اَعُدَّ نِعَمَكَ
وَ مِنَنَكَ وَ كَرَآئِمَ مِنَحِكَ لَا اُحْصِيْهَا ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کا طریقہ جانتا ، اے وہ جسے میں نے بیماری میں پکارا تو شِفا دی ، اور جب میں بے لباس تھا مجھے لباس دیا ، اور جب میں بھوکا تھا مجھے کھلایا اور جب میں پیاسا تھا مجھے سیراب کیا ، اور جب میں پست تھا مجھے عزت دی ، اور جب میں بے علم تھا مجھے معرفت عطا کی ، اور جب میں اکیلا تھا مجھے جمعیّت دی ، اور جب میں سفر میں تھا مجھے اپنوں میں واپس لوٹا دیا ، اور جب میں تنگ دست تھا مجھے فراخ دست کر دیا ، اور جب میں نے مدد چاہی میری مدد کی اور جب میں مال دار تھا مجھ سے مال واپس نہیں لیا ، اور جب میں ان سب چیزوں کو مانگنے سے رکا تو اُس نے از خود دینے میں پہل کی ، شکر وسِپاس تیرے لیے ہے ، اے وہ جس نے میری لغزش سے چشم پوشی کی ، میری تکلیف دور کی ، میری دعا قبول کی ، میری پردہ پوشی کی ، میرے گناہ معاف کر دیئے ، میری مانگ پوری کی اور دشمن کے مقابلے میں میری مدد کی ، اگر میں تیری نعمتوں ، احسانوں اور عطاؤں کو شمار کرنا چاہوں تو شمار نہیں کر سکتا ،

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

يَا مَوْلَایَ اَنْتَ الَّذِیْ مَنَنْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
اَنْعَمْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ اَحْسَنْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
اَجْمَلْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ اَفْضَلْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
اَکْمَلْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ رَزَقْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
وَفَّقْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ اَعْطَیْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
اَغْنَیْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ اَقْنَیْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
اٰوَیْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ کَفَیْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
هَدَیْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ عَصَمْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
سَتَرْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ غَفَرْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
اَقَلْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ مَکَّنْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
اَعْزَزْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ اَعَنْتَ ، اَنْتَ الَّذِیْ
عَضَدْتَّ ، اَنْتَ الَّذِیْ اَیَّدْتَّ ، اَنْتَ الَّذِیْ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اے میرے مولا ! یہ تو ہے جس نے مجھ پر احسان کیا ، یہ تو ہے
جس نے مجھ پر اِنعام کیا ، یہ تو ہے جس نے مجھے اچھا رکھا ، یہ تو
ہے جس نے مجھے ظاہری و معنوی خوبیوں سے نوازا ، یہ تو ہے جس
نے مجھ پر فضل و کرم کیا ، یہ تو ہے جس نے مجھے کمال عطا کیا ، یہ تو
ہے جس نے مجھے رزق دیا ، یہ تو ہے جس نے مجھے کامیابی دی ، یہ تو
ہے جس نے مجھے بے حساب عطا کیا ، یہ تو ہے جس نے مجھے غنی کیا ،
یہ تو ہے جس نے مجھے دولت دی ، یہ تو ہے جس نے مجھے پناہ دی ،
یہ تو ہے جس نے میری حاجتیں پوری کیں ، یہ تو ہے جس نے مجھے
ہدایت دی ، یہ تو ہے جس نے مجھے ضرر سے بچایا ، یہ تو ہے جس
نے میری پردہ پوشی کی ، یہ تو ہے جس نے مجھے معاف کیا ، یہ تو ہے
جس نے مجھ سے درگزر کیا ، یہ تو ہے جس نے مجھے جاہ و جلال
بخشا ، یہ تو ہے جس نے مجھے عزت دی ، یہ تو ہے جس نے میری
مدد کی ، یہ تو ہے جس نے مجھے سہارا دیا ، یہ تو ہے جس نے میری
حمایت کی ، یہ تو ہے جس نے میری مدد و نصرت کی ، یہ تو ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

نَصَرْتَ ، اَنْتَ الَّذِىْ شَفَيْتَ ، اَنْتَ
الَّذِىْ عَافَيْتَ ، اَنْتَ الَّذِىْ اَكْرَمْتَ ،
تَبَارَكْتَ وَ تَعَالَيْتَ ، فَلَكَ الْحَمْدُ دَآئِمًا ،
وَ لَكَ الشُّكْرُ وَاصِبًا اَبَدًا ، ثُمَّ اَنَا
يَا اِلٰهِى الْمُعْتَرِفُ بِذُنُوبِىْ فَاغْفِرْهَا لِىْ ،
اَنَا الَّذِىْ اَسَأْتُ ، اَنَا الَّذِىْ اَخْطَأْتُ ،
اَنَا الَّذِىْ هَمَمْتُ، اَنَا الَّذِىْ جَهِلْتُ ،
اَنَا الَّذِىْ غَفَلْتُ، اَنَا الَّذِىْ سَهَوْتُ ،
اَنَا الَّذِى اعْتَمَدْتُ ، اَنَا الَّذِىْ تَعَمَّدْتُ ،
اَنَا الَّذِىْ وَعَدْتُّ ، وَ اَنَا الَّذِىْ اَخْلَفْتُ ،
اَنَا الَّذِىْ نَكَثْتُ ، اَنَا الَّذِىْ اَقْرَرْتُ ،
اَنَا الَّذِىْ اعْتَرَفْتُ بِنِعْمَتِكَ عَلَىَّ وَعِنْدِىْ ، وَ اَبُوْٓءُ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

جس نے مجھے شِفا دی ، یہ تُو ہے جس نے مجھے آرام دیا ، یہ تُو ہے جس نے مجھے احترام بخشا ، تُو بڑا بابرکت اور بلند ہے حمد ہمیشہ تیرے لیے مخصوص ہے اور شکر گزاری ہمیشہ تیرے لیے ہے ، بعدازاں اے میرے معبود میں دل کی گہرائیوں سے اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں پس تُو انھیں بخش دے ، یہ میں ہوں جس نے برائی کی ، یہ میں ہوں جس نے خطا کی ، یہ میں ہوں جس نے اپنے کاموں کا ارادہ کیا ، یہ میں ہوں جس نے نادانی کی ، یہ میں ہوں جس نے غفلت برتی ، یہ میں ہوں جس نے بھول کی ، یہ میں ہوں جس نے اپنوں پر اعتماد کیا ، یہ میں ہوں جس نے ہر کام اپنے ارادہ و اختیار سے کیا ، یہ میں ہوں جس نے وعدہ کیا ، یہ میں ہوں جس نے وعدہ توڑا ، یہ میں ہوں جس نے پیمان شکنی کی ، یہ میں ہوں جو تیرے سامنے ان باتوں کا اقرار کر رہا ہوں ، یہ میں ہوں جو تیری نعمتوں کا معترف ہے اور وہ اَب بھی میرے پاس ہیں ، اور میں اپنے گناہ قبول کرنے تیرے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بِذُنُوبِیْ فَاغْفِرْهَا لِیْ ، یَا مَنْ لَا تَضُرُّهٗ ذُنُوبُ
عِبَادِهٖ ، وَ هُوَ الْغَنِیُّ عَنْ طَاعَتِهِمْ ، وَالْمُوَفِّقُ
مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِنهُمْ بِمَعُوْنَتِهٖ وَ
رَحْمَتِهٖ ، فَلَكَ الْحَمْدُ اِلٰهِیْ وَ سَیِّدِیْ ،
اِلٰهِیْ اَمَرْتَنِیْ فَعَصَیْتُكَ ، وَ نَهَیْتَنِیْ
فَارْتَكَبْتُ نَهْیَكَ ، فَاَصْبَحْتُ لَا ذَا بَرَآءَةٍ لِیْ
فَاَعْتَذِرُ ، وَ لَا ذَا قُوَّةٍ فَاَنْتَصِرُ ، فَبِاَیِّ
شَیْءٍ اَسْتَقْبِلُكَ یَا مَوْلَایَ ، اَبِسَمْعِیْ
اَمْ بِبَصَرِیْ اَمْ بِلِسَانِیْ ، اَمْ بِیَدِیْ
اَمْ بِرِجْلِیْ ، اَلَیْسَ كُلُّهَا نِعَمَكَ عِنْدِیْ ،
وَ بِكُلِّهَا عَصَیْتُكَ یَا مَوْلَایَ ، فَلَكَ الْحُجَّةُ
وَالسَّبِیْلُ عَلَیَّ ، یَا مَنْ سَتَرَنِیْ مِنَ الْاٰبَآءِ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

پاس آ گیا ہوں، پس تُو اُن کو معاف کر دے۔ اے وہ خدا کہ بندوں کے گناہ جس کا کچھ نقصان نہیں کرتے ، اے خدا تو اپنے بندوں کی اطاعت سے بے نیاز ہے، اوراُن میں سے جو کوئی نیک کام کرتا ہے اُسے اپنی مدد اور رحمت کے ساتھ توفیق عطا فرماتا ہے ، پس تعریف تیرے ہی لیے ہے میرے معبود ! میرے سرکار! میرے خدا! تُو نے مجھے بعض کاموں کا حکم دیا تو میں نے نہیں مانا ، اور تُو نے مجھے بعض اُمور سے روکا مگر میں تیری مناہی سے نہ رکا ، لہٰذا اب میرا حال یہ ہے کہ میرے پاس اپنے چھٹکارے کے لیے نہ کوئی عُذر باقی ہے، اور نہ اپنے دفاع کے لیے کوئی سہارا ہے کہ اس سے مدد لوں، پس اے میرے مولا ! میں کس کے بھروسے تیرے رُوبرو آؤں ، کیا اپنے کان آنکھ زبان ہاتھ یا پاؤں کو اپنا مددگار بناؤں ، کیا یہ سب میرے پاس تیری دی ہوئی نعمتیں نہیں ہیں اور اے میرے مولا ! کیا میں نے ان سب کے ساتھ تیری نافرمانی نہیں کی ہے، اس وجہ سے تیرے پاس میرے خلاف مواخذہ کا حق ہے، اور تو جو بھی فیصلہ کرے وہ صحیح ہے، اے وہ جس نے میری برائیوں کو چھپایا ،آباؤں

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وَالْاُمَّهَاتِ اَنْ يَزْجُرُوْنِي ، وَ مِنَ الْعَشَآئِرِ
وَالْاِخْوَانِ اَنْ يُعَيِّرُوْنِيْ ، وَ مِنَ السَّلَاطِيْنِ
اَنْ يُّعَاقِبُوْنِيْ ، وَلَوِ اطَّلَعُوْا يَا مَوْلَايَ عَلٰى مَا
اطَّلَعْتَ عَلَيْهِ مِنِّيْ اِذًا مَا اَنْظَرُوْنِيْ ، وَ
لَرَفَضُوْنِيْ وَ قَطَعُوْنِي . فَهَا اَنَا ذَا يَا اِلٰهِيْ بَيْنَ
يَدَيْكَ ، يَا سَيِّدِيْ خَاضِعٌ ذَلِيْلٌ حَصِيْرٌ
حَقِيْرٌ ،لَا ذُوْ بَرَآئَةٍ فَاَعْتَذِرُ ، وَ لَا ذُوْ قُوَّةٍ
فَاَنْتَصِرُ ، وَ لَا ذُوْ حُجَّةٍ فَاَحْتَجُّ بِهَا ، وَ لَا
قَآئِلٌ لَمْ اَجْتَرِحْ وَلَمْ اَعْمَلْ سُوْٓءًا ، وَ مَا
عَسَى الْجُحُوْدُ لَوْ جَحَدْتُّ يَا مَوْلَايَ
يَنْفَعُنِيْ ، كَيْفَ وَاَنّٰى ذٰلِكَ ، وَ جَوَارِحِيْ كُلُّهَا
شَاهِدَةٌ عَلَيَّ بِمَا قَدْ عَمِلْتُ ،وَ عَلِمْتُ يَقِيْنًا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اور امّاؤں سے کہ کہیں وہ مجھے خود سے دور نہ کر دیں ، خاندان والوں اور بھائی بندوں سے کہ کہیں وہ مجھے طعنے نہ دیں ، اور حُکّام سے کہ کہیں وہ مجھے سزا نہ دیں ، اے میرے آقا ! اگر یہ لوگ میری ان باتوں کو جان جاتے جن کو تُو جانتا ہے تو مجھے ہرگز مہلت نہ دیتے ، اور مجھے ضرور دُھتکار دیتے اور چھوڑ دیتے ، پس اے میرے خدا ! میں تیرے پاس آ گیا ہوں کیونکہ تُو مجھے اپنی آغوشِ رحمت میں لے لے گا ، اے میرے سرکار ! اب میں تیرے سامنے سر جھکائے شرمندہ بے سہارا خالی ہاتھ حاضر ہو گیا ہوں ، میرے پاس اپنے چھٹکارے کے لیے نہ کوئی عُذر ہے کہ اُسے جواز بناؤں اور نہ اپنے دِفاع کے لیے کوئی سہارا ہے کہ اُس سے مدد چاہوں ، اور نہ میرے پاس اپنی صفائی میں کوئی دلیل ہے اور نہ میں یہ کہہ ہی سکتا ہوں کہ میں نے برائی نہیں کی اور میں انکار کر بھی کیسے سکتا ہوں ، اے میرے مولا ! اگر میں انکار کر بھی دوں تو یہ کیونکر اور کس طرح مجھے فائدہ دے گا ، کیونکہ میرے سب اعضاء و جوارح میرے اعمال پر گواہ ہیں اور مجھے خود بھی اس بات کا یقین

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

غَيْرَ ذِىْ شَكٍّ اَنَّكَ سَآئِلِىْ مِنْ عَظَآئِمِ
الْاُمُوْرِ ، وَ اَنَّكَ الْحَكَمُ الْعَدْلُ الَّذِىْ لَا
تَجُوْرُ وَ عَدْلُكَ مُهْلِكِىْ ، وَ مِنْ كُلِّ عَدْلِكَ
مَهْرَبِىْ ، فَاِنْ تُعَذِّبْنِىْ يَا اِلٰهِىْ فَبِذُنُوْبِىْ
بَعْدَ حُجَّتِكَ عَلَىَّ ، وَ اِنْ تَعْفُ عَنِّىْ
فَبِحِلْمِكَ وَ جُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا
اَنْتَ ، سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ ،
لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ
الْمُسْتَغْفِرِيْنَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ
اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الْمُوَحِّدِيْنَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا
اَنْتَ، سُبْحَانَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ہے ، اور اس میں کچھ شک نہیں کہ تُو مجھ سے بڑے بڑے کاموں کے بارے میں ضرور پوچھے گا اور تُو عادل بادشاہ ہے جو ظلم نہیں کرتا اور رحم کے بغیر تیرا محض عدل مجھے مار ڈالے گا ، اور میں تیرے مطلق عدل سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں اور رحم کا معاملہ چاہتا ہوں ، اے میرے معبود ! اگر تُو مجھے سزا دے تو یہ میرے گناہوں کی وجہ سے ہوگا کیونکہ تُو نے مجھے جو حکم دیا وہ صحیح تھا ، اور اگر تُو مجھے بخش دے تو یہ تیری نرمی اور جود و کرم کا نتیجہ ہوگا۔ ''تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں ظالموں میں سے ہوں'' ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں اِستغفار کرنے والوں میں سے ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں اہلِ توحید میں سے ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں تیرے قہر سے ڈرنے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

الْـخَآئِفِيْنَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، سُبْـحَانَكَ اِنِّيْ
كُنْتُ مِنَ الْوَجِلِيْنَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ
سُبْـحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الرَّاجِيْنَ ، لَا
اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، سُبْـحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ
الرَّاغِبِيْنَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، سُبْـحَانَكَ اِنِّيْ
كُنْتُ مِنَ الْمُهَلِّلِيْنَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ،
سُبْـحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ السَّآئِلِيْنَ ، لَا اِلٰهَ
اِلَّا اَنْتَ ، سُبْـحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ
الْمُسَبِّحِيْنَ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، سُبْـحَانَكَ
اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الْمُكَبِّرِيْنَ ، لَا اِلٰهَ اَنْتَ ،
سُبْـحَانَكَ رَبِّيْ وَ رَبُّ اٰبَآئِيَ الْاَوَّلِيْنَ.

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

والوں میں سے ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں تیرے غضب سے ڈرنے والوں میں سے ہوں ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو بے عیب ہے ، بے شک میں تجھ سے ملاقات کے امیدواروں میں سے ہوں ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں تیرے مُشتاق گرویدہ اور چاہنے والوں میں سے ہوں ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں توحید پر ایمان رکھنے والوں میں سے ہوں۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں تیری عظیم بارگاہ کے سوالیوں میں سے ہوں ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں تسبیح کرنے والوں میں سے ہوں ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، بے شک میں تکبیر کہنے والوں میں سے ہوں ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو بے عیب ہے ، تُو میرے اور میرے گزرے ہوئے بزرگوں کا رب ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(٦)

اَللّٰهُمَّ هٰذَا ثَنَآئِیْ عَلَیْكَ مُمَجِّدًا ، وَ اِخْلَاصِیْ لِذِكْرِكَ مُوَحِّدًا ، وَ اِقْرَارِیْ بِاٰلَآئِكَ مُعَدِّدًا ، وَ اِنْ كُنْتُ مُقِرًّا اَنِّیْ لَمْ اُحْصِهَا لِكَثْرَتِهَا وَ سُبُوْغِهَا وَ تَظَاهُرِهَا ، وَ تَقَادُمِهَا اِلٰی حَادِثٍ ، مَا لَمْ تَزَلْ تَتَعَهَّدُنِیْ بِهٖ مَعَهَا مُنْذُ خَلَقْتَنِیْ ، وَ بَرَاْتَنِیْ مِنْ اَوَّلِ الْعُمُرِ مِنَ الْاِغْنَآءِ مِنَ الْفَقْرِ ، وَ كَشْفِ الضُّرِّ ، وَ تَسْبِیْبِ الْیُسْرِ ، وَدَفْعِ الْعُسْرِ ، وَ تَفْرِیْجِ الْكَرْبِ ، وَالْعَافِیَةِ فِی الْبَدَنِ ، وَالسَّلَامَةِ فِی الدِّیْنِ ، وَلَوْ رَفَدَنِیْ عَلٰی قَدْرِ ذِكْرِ نِعْمَتِكَ جَمِیْعُ الْعَالَمِیْنَ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ، مَا قَدَرْتُ وَ لَا هُمْ عَلٰی ذٰلِكَ ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۶)

خدایا ! یہ ہے میری ثناء تیری شان وعظمت کے بیان میں ، اور یہ ہے میرا اِخلاص تیری یاد اور تیری توحید کے اعلان میں ، اور میں تیری ایک ایک نعمت کا اقرار کرتا ہوں اور مانتا ہوں کہ اگر میں ان نعمتوں کو گننا چاہوں تو ان کی کثرت وُسعت اور شدّتِ ظہور کی وجہ سے گن نہیں سکتا ،تُو میری پیدائش سے پہلے بھی مجھے نعمتیں دیتا رہا ہے اور تُو نے میری پیدائش کے وقت بھی مجھے اپنی نعمتوں سے نوازا ، مجھے بچپن ہی سے تنگدستی کا منہ نہ دکھایا ، تکلیف کو دور کیا ، راحت کا سامان کیا ، پریشانی کو رفع کیا ، مصیبت کو دفع کیا ، بدن میں تندرستی اور دین میں سلامتی عطا کی ، اگر اولین و آخرین کے سب لوگ میرا ساتھ دیں اور ہم سب مل کر ان نعمتوں کو گننا چاہیں تو کبھی گن نہ پائیں گے ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تَقَدَّسْتَ وَ تَعَالَيْتَ مِنْ رَبٍّ كَرِيْمٍ عَظِيْمٍ
رَحِيْمٍ ، لَا تُحْصَى آلَاؤُكَ ، وَ لَا يُبْلَغُ
ثَنَآؤُكَ ، وَ لَا تُكَافَى نَعْمَآؤُكَ ، صَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ ، وَ أَتْمِمْ عَلَيْنَا نِعَمَكَ ،
وَ أَسْعِدْنَا بِطَاعَتِكَ ، سُبْحَانَكَ لَا إِلٰهَ
إِلَّا أَنْتَ ، اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ تُجِيْبُ الْمُضْطَرَّ ، وَ
تَكْشِفُ السُّوْٓءَ ، وَ تُغِيْثُ الْمَكْرُوْبَ ، وَ
تَشْفِي السَّقِيْمَ ، وَ تُغْنِى الْفَقِيْرَ ، وَ
تَجْبُرُ الْكَسِيْرَ ، وَ تَرْحَمُ الصَّغِيْرَ ، وَ
تُعِيْنُ الْكَبِيْرَ ، وَ لَيْسَ دُوْنَكَ ظَهِيْرٌ ، وَ
لَا فَوْقَكَ قَدِيْرٌ ، وَ أَنْتَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ،
يَا مُطْلِقَ الْمُكَبَّلِ الْأَسِيْرِ ، يَا رَازِقَ الطِّفْلِ
الصَّغِيْرِ يَا عِصْمَةَ الْخَآئِفِ الْمُسْتَجِيْرِ ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تُو پاک ہے اور تُو اعلیٰ ہے تُو پروردگار ہے کرم کرنے والا بزرگی والا اور رحم کرنے والا ، تیری نعمتوں کو شمار نہیں کیا جا سکتا اور تیری مدح و ثناء کا حق ادا نہیں ہوسکتا اور تیری نعمتوں کا بدلہ نہیں دیا جا سکتا ، محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اپنی رحمتیں نازل فرما اور ہم پر اپنی نعمتوں کا پورا فیضان فرما اور اپنی اطاعت کے ذریعے ہمیں خوش نصیب بنا دے ، تُو بے عیب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، اے خدا ! تُو ہی مُضطَر و بے قرار کی دعا سنتا ہے اور اُس کی تکلیف دور کرتا ہے ، مصیبت زدہ کی مدد کرتا ہے ، بیمار کو شِفا دیتا ہے ، مفلس کو مال و زر دیتا ہے ، ٹوٹے ہوئے دلوں کو جوڑ دیتا ہے ، چھوٹوں پر رحم کرتا ہے ، بوڑھوں کی مدد کرتا ہے اور تیرے سوا کوئی پشت پناہ نہیں ہے ، تجھ سے بڑی کوئی طاقت نہیں ہے ، تُو ہی اعلیٰ اور بزرگ ہے ، اے زنجیر میں جکڑے ہوئے قیدی کو رہائی دلانے والے ! اے چھوٹے سے بچے کو رزق دینے والے ! اے ڈرے سہمے پناہ چاہنے والے کو پناہ دینے والے !

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

يَا مَنْ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ لَا وَزِيْرَ ، صَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ ، وَ اَعْطِنِیْ فِیْ هٰذِهِ
الْعَشِيَّةِ ، اَفْضَلَ مَا اَعْطَيْتَ وَ اَنَلْتَ اَحَدًا
مِنْ عِبَادِكَ ، مِنْ نِّعْمَةٍ تُوْلِيْهَا ، وَاٰلَآءٍ
تُجَدِّدُهَا ، وَ بَلِيَّةٍ تَصْرِفُهَا ، وَ كُرْبَةٍ
تَكْشِفُهَا ، وَ دَعْوَةٍ تَسْمَعُهَا ، وَ حَسَنَةٍ
تَتَقَبَّلُهَا ، وَ سَيِّئَةٍ تَتَغَمَّدُهَا ، اِنَّكَ لَطِيْفٌ
بِمَا تَشَآءُ خَبِيْرٌ ، وَعَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ،
اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ اَقْرَبُ مَنْ دُعِیَ ، وَ اَسْرَعُ مَنْ
اَجَابَ ، وَ اَكْرَمُ مَنْ عَفٰى ، وَ اَوْسَعُ مَنْ
اَعْطٰى ، وَ اَسْمَعُ مَنْ سُئِلَ ، يَا رَحْمَانَ
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا ، لَيْسَ كَمِثْلِكَ
مَسْئُوْلٌ ، وَ لَا سِوَاكَ مَاْمُوْلٌ ، دَعَوْتُكَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اے وہ خدا جس کا نہ کوئی شریک ہے نہ کوئی وزیر، محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اپنی رحمتیں نازل فرما، تُو اسی شام مجھے اُس سے بہتر عطا فرما، جو تُو نے اپنے بندوں میں سے کسی کو عطا کیا ہے، قابلِ شکر نعمتوں کا تسلسل، لائقِ حمد نعمتوں کی تجدید، بلاؤں سے چھٹکارا، رنج و غم سے نجات، دعاؤں کی اِستجابت، نیکیوں کی قبولیت، اور برائیوں کی پردہ پوشی، تو لطیف بھی ہے اور خبیر بھی اور ہر شے پر قادر بھی ہے اور قدیر بھی، اے معبود! تُو پکارے جانے والوں میں سب سے زیادہ قریب ہے، تُو قبول کرنے والوں میں سب سے جلدی قبول کرتا ہے، تُو معاف کرنے والوں میں سب سے زیادہ کریم ہے، تُو ہر دینے والے سے زیادہ دینے والا ہے، اور سوالیوں کا سوال سب سے زیادہ سننے والا ہے، اے دوجہاں میں عطا کرنے والے مہربان اور دوجہاں میں رحیم پروردگار، تجھ جیسا کوئی نہیں جس کے سامنے ہاتھ پھیلایا جائے، اور تجھ جیسا کوئی نہیں جس سے اُمّید باندھی جائے، میں نے تجھ کو پکارا

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فَاَجَبْتَنِیْ ، وَ سَئَلْتُكَ فَاَعْطَيْتَنِیْ ، وَ رَغِبْتُ
اِلَيْكَ فَرَحِمْتَنِیْ ، وَ وَثِقْتُ بِكَ فَنَجَّيْتَنِي ، وَ
فَزِعْتُ اِلَيْكَ فَكَفَيْتَنِیْ ، اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى
مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِکَ وَ نَبِيِّكَ ، وَ عَلٰى
اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ ، وَ تَمِّمْ
لَنَا نَعْمَآئَکَ ، وَ هَنِّئْنَا عَطَآئَکَ ، وَاكْتُبْنَا
لَكَ شَاكِرِيْنَ ، وَلِاٰلَآئِكَ ذَاكِرِيْنَ ، اٰمِيْنَ
اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ، اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ مَّلَكَ
فَقَدَرَ ، وَ قَدَرَ فَقَهَرَ ، وَ عُصِیَ فَسَتَرَ ،
وَاسْتُغْفِرَ فَغَفَرَ ، يَا غَايَةَ الطَّالِبِيْنَ
الرَّاغِبِيْنَ ، وَ مُنْتَهٰى اَمَلِ الرَّاجِيْنَ ، يَا مَنْ
اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ، وَ وَسِعَ
الْمُسْتَقِيْلِيْنَ رَاْفَةً وَ رَحْمَةً وَ حِلْمًا.

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تو تُونے جواب دیا ، میں نے تجھ سے مانگا تو تُونے عطا کیا ، میں تیری طرف جھکا تو تُونے رحم کھایا اور میں نے تجھ پر اعتماد کیا تو تُو نے بچا لیا ، میں نے خوف و ہراس اور پریشانی میں تجھے پکارا تو تُو اکیلا ہی مدد کے لیے کافی ہوگیا ، اے معبود ! اپنے بندے اور رسول و نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور اُن کی ساری طیب و طاہر آل پر رحمتیں نازل فرما ، اور ہم کو اپنی سب نعمتوں سے نواز دے ، اپنی عطاؤں کو ہمارے لیے خوش گوار بنا دے ، اور ہمیں تیرے شکر گزار بندوں ، اور تیری نعمتوں کو یاد رکھنے والوں میں لکھ لے ، آمین آمین ربّ العالمین ، اے معبود ! اے وہ خدا جس کا ملک ہے ، جو ہر چیز کا مالک ہے اور حکم تو مالک کا ہی چلتا ہے ، وہ گناہ گاروں کی پردہ پوشی کرتا ہے ، اور اِستِغفار کرنے والوں کو معاف کر دیتا ہے ، اے مانگنے والوں اور طلبگاروں کے مطلوب ، اور اُمّید رکھنے والوں کے منتہائے آرزو ، اے وہ جس کا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور جس کی مہربانی ، رحمت اور نرمی توبہ کرنے والوں پر چھائی ہوئی ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(٧)

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ فِىْ هٰذِهِ
الْعَشِيَّةِ الَّتِىْ شَرَّفْتَهَا وَ عَظَّمْتَهَا ، بِمُحَمَّدٍ
نَّبِيِّكَ وَ رَسُوْلِكَ ، وَ خِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ ،
وَ اَمِيْنِكَ عَلٰى وَحْيِكَ ، الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ ،
السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ ، اَلَّذِىْ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَى
الْمُسْلِمِيْنَ ، وَ جَعَلْتَهُ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ ،
اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ، كَمَا
مُحَمَّدٌ اَهْلٌ لِذٰلِكَ مِنْكَ يَا عَظِيْمُ ، فَصَلِّ
عَلَيْهِ وَ عَلٰى اٰلِهِ الْمُنْتَجَبِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ
الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ ، وَ تَغَمَّدْنَا بِعَفْوِكَ عَنَّا ،
فَاِلَيْكَ عَجَّتِ الْاَصْوَاتُ بِصُنُوْفِ اللُّغَاتِ ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۷)

بار الٰہا ! ہم نے آج کی شام – جسے تو نے باشرَف اور باعظمت قرار دیا ہے – تیرے نبی و رسول اور بہترین مخلوق حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو – جو تیری وحی کے امین ، جنت کی بشارت دینے والے ،جَہنَّم کے عذاب سے ڈرانے والے اور ہدایت کے روشن چراغ ہیں جن کے ذریعے سے تُو نے مسلمانوں کو ہدایت کی نعمت سے مالا مال کیا اور تمام جہانوں کے لیے رحمت بنایا – وسیلہ بنا کر تیری طرف رخ کیا ہے ، اے خداوندِعظیم ! محمدؐ اور آلِ محمدؑ پر رحمت نازل فرما ، جیسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تیری طرف سے اس کے حق دار ہیں ، اُن پر اور اُن کی ساری برگزیدہ پاک و پاکیزہ آل پر رحمت نازل فرما ، اورہمیں اپنے دامنِ عفو میں چھپا لے ، ہر گوشہ و کنار سے تیرے پاس آنے والے اپنی اپنی زَبان میں بلند آہنگ و آواز سے دعائیں مانگ رہے ہیں ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فَاجْعَلْ لَّنَا اَللّٰهُمَّ فِيْ هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ، نَصِيْبًا
مِنْ كُلِّ خَيْرٍ تَقْسِمُهٗ بَيْنَ عِبَادِكَ، وَ نُوْرٍ
تَهْدِيْ بِهٖ، وَ رَحْمَةٍ تَنْشُرُهَا، وَ بَرَكَةٍ
تُنْزِلُهَا، وَ عَافِيَةٍ تُجَلِّلُهَا، وَ رِزْقٍ تَبْسُطُهٗ،
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ، اَللّٰهُمَّ اَقْلِبْنَا فِيْ هٰذَا
الْوَقْتِ مُنْجِحِيْنَ مُفْلِحِيْنَ، مَبْرُوْرِيْنَ
غَانِمِيْنَ وَ لَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْقَانِطِيْنَ، وَ لَا
تُخْلِنَا مِنْ رَّحْمَتِكَ، وَ لَا تَحْرِمْنَا مَا
نُؤَمِّلُهٗ مِنْ فَضْلِكَ، وَ لَا تَجْعَلْنَا مِنْ
رَّحْمَتِكَ مَحْرُوْمِيْنَ، وَ لَا لِفَضْلِ مَا
نُؤَمِّلُهٗ مِنْ عَطَآئِكَ قَانِطِيْنَ، وَ لَا تَرُدَّنَا
خَائِبِيْنَ، وَ لَا مِنْ بَابِكَ مَطْرُوْدِيْنَ، يَا
اَجْوَدَ الْاَجْوَدِيْنَ، وَ اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

پس اے معبود ! آج کی شام ، ہر اُس خیر میں سے جو تُو اپنے بندوں میں بانٹ رہا ہے ، اور اُس نور میں سے جس کے ذریعے ہدایت کر رہا ہے ، اور اُس رحمت میں سے جسے عام کر رہا ہے ، اور اُس برکت میں سے جسے نازل کر رہا ہے ، اور اُس چادرِ امن و عافیت میں سے جو اپنے بندوں کو اُوڑھا رہا ہے ، اور اُس رزق میں سے جسے تقسیم کر رہا ہے ، میرا بھی حصّہ مقرر فرما اے ارحم الراحمین ، اے اللہ ! اس وقت ہمیں تیرے دربارِ رحمت میں کامیاب ہونے والے نجات پانے والے منظور و مقبول ہونے والے اور اس منظوری سے فائدہ اٹھانے والے قرار دے ، اور نااُمّید ہونے والوں میں سے قرار نہ دے ، تیری رحمت سے خالی ہاتھ نہ لوٹانا ، اور تیرے فضل سے معافی ملنے کی جو آس لگائے ہوئے ہیں اُس سے محروم نہ کرنا ، اور ہمیں تیری رحمت سے فائدہ نہ اٹھانے والے ، تیری عطا سے نااُمّید اور نامراد رہ جانے والے قرار نہ دینا ، اور اپنے درِ رحمت سے بھگا نہ دینا ، اے سب سے زیادہ بخشنے والے اور سب سے زیادہ کرم کرنے والے !

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اِلَيْكَ اَقْبَلْنَا مُوْقِنِيْنَ ، وَ لِبَيْتِكَ الْحَرَامِ
آمِّيْنَ قَاصِدِيْنَ ، فَاَعِنَّا عَلٰى مَنَاسِكِنَا ، وَ
اَكْمِلْ لَنَا حَجَّنَا ، وَاعْفُ عَنَّا وَ عَافِنَا ،
فَقَدْ مَدَدْنَا اِلَيْکَ اَيْدِيَنَا ، فَهِيَ بِذِلَّةِ
الِاعْتِرَافِ مَوْسُوْمَةٌ ، اَللّٰهُمَّ فَاَعْطِنَا فِيْ
هٰذِهِ الْعَشِيَّةِ مَا سَئَلْنَاكَ ، وَاكْفِنَا مَا
اسْتَكْفَيْنَاكَ ، فَلَا كَافِيَ لَنَا سِوَاكَ ، وَ لَا رَبَّ
لَنَا غَيْرُكَ ، نَافِذٌ فِيْنَا حُكْمُكَ ، مُحِيْطٌ بِنَا
عِلْمُكَ ، عَدْلٌ فِيْنَا قَضَآؤُكَ ، اِقْضِ لَنَا
الْخَيْرَ ، وَاجْعَلْنَا مِنْ اَهْلِ الْخَيْرِ ، اَللّٰهُمَّ
اَوْجِبْ لَنَا بِجُوْدِكَ عَظِيْمَ الْاَجْرِ ، وَ كَرِيْمَ
الذُّخْرِ ، وَ دَوَامَ الْيُسْرِ ، وَاغْفِرْ لَنَا
ذُنُوْبَنَا اَجْمَعِيْنَ ، وَ لَا تُهْلِكْنَا مَعَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ہم یقین کے ساتھ حاضر ہوئے ہیں ، اور تیرے گھر کعبہ کا قصد کئے ہوئے ہیں ، پس تو مناسکِ حج کی ادائیگی میں ہماری مدد فرما ، ہمارا حج پورا کرا دے ، اور ہماری غلطیاں معاف کر دے اور ہم کو بخش دے ، ہم نے تیرے سامنے ان ہاتھوں کو پھیلا دیا ہے ، جو اعترافِ گناہ کی ذِلت سے داغ دار ہیں ، اے معبود ! آج کی شام ہمیں وہ عطا کر جس کا ہم نے سوال کیا ہے ، اور ہم نے تجھ سے بخشش کی جو ضمانت مانگی ہے وہ ضمانت دیدے ، کیونکہ تیرے سوا کوئی اور ضمانت دینے والا نہیں ہے ، اور تیرے سوا ہمارا کوئی رب نہیں ہے ، ہم پر تیرا حکم نافذ ، اور تیرا علم محیط ہے ، ہمارے متعلق تیرا فیصلہ انصاف پر مبنی ہے ، ہمارے لیے خیر کا حکم فرما ، اور ہمیں اہلِ خیر میں سے قرار دے ، اے معبود ! اپنے جود و کرم کے ذریعے عظیم اجر و ثواب کو ، ثواب کے اس ذخیرے کو ، اور قائم دائم رہنے والی آسانیوں کو ہمارے لیے لازمی قرار دے اور ہمارے سب گناہ بخش دے اور ہلاک ہونے والوں کے ساتھ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

الْهَالِكِيْنَ ، وَ لَا تَصْرِفْ عَنَّا رَأْفَتَكَ وَ
رَحْمَتَكَ ، يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ، اَللّٰهُمَّ
اجْعَلْنَا فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ مِمَّنْ سَئَلَكَ
فَأَعْطَيْتَهُ ، وَ شَكَرَكَ فَزِدْتَّهُ ، وَ تَابَ اِلَيْكَ
فَقَبِلْتَهُ ، وَ تَنَصَّلَ اِلَيْكَ مِنْ ذُنُوْبِهِ كُلِّهَا
فَغَفَرْتَهَا لَهُ ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ،
اَللّٰهُمَّ وَ نَقِّنَا وَ سَدِّدْنَا ، وَاقْبَلْ تَضَرُّعَنَا ،
يَا خَيْرَ مَنْ سُئِلَ ، وَ يَا أَرْحَمَ مَنِ
اسْتُرْحِمَ ، يَا مَنْ لَا يَخْفٰى عَلَيْهِ
اِغْمَاضُ الْجُفُوْنِ ، وَ لَا لَحْظُ الْعُيُوْنِ ،
وَ لَا مَا اسْتَقَرَّ فِي الْمَكْنُوْنِ ، وَلَا مَا انْطَوَتْ
عَلَيْهِ مُضْمَرَاتُ الْقُلُوْبِ ، اَلَا كُلُّ ذٰلِكَ قَدْ
اَحْصَاهُ عِلْمُكَ ، وَ وَسِعَهُ حِلْمُكَ ، سُبْحَانَكَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

ہمیں ہلاک نہ کرنا ، اے ارحم الراحمین ! تیری مہربانی اور رحمت کا رخ ہماری طرف سے نہ پھیر لینا ، اے معبود ! اس وقت ہمیں اُن لوگوں میں سے قرار دے جنھوں نے مانگا تو تُو نے دیا ، اور شکر کیا تو تُو نے نعمتوں کو بڑھا دیا ، اور توبہ کی تو تُو نے قبول کر لی ، اور تیرے سامنے سارے گناہ ترک کرنے پر رضامندی ظاہر کی تو تُو نے بخش دیا ، اے ذو الجلال والاکرام ، اے معبود ! ہمیں گناہوں سے پاک کر دے اور کامیابی کی راہ پر ڈال دے ، ہماری گریۂ و زاری کو قبول فرما لے ، اے سوال کئے جانے والوں میں سے بہترین ، اے رحم کھانے والوں میں سے رحیم ترین ، اے وہ جس سے پلکوں کی بندش ، آنکھوں کے اشارے ، سات پردوں میں چھپی باتیں ، اور دلوں کے بھید مخفی نہیں ہیں ، یقیناً یہ تمام چیزیں تیرے علم کے احاطے میں ہیں اور تیرا حلم بہت وسیع ہے ، تُو ان باتوں سے پاک

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

وَ تَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰالِمُوْنَ عُلُوًّا
كَبِيْرًا ، تُسَبِّحُ لَكَ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ
وَالْاَرَضُوْنَ وَ مَنْ فِيْهِنَّ ، وَ اِنْ مِّنْ شَيْءٍ
اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَالْمَجْدُ
وَ عُلُوُّ الْجِدِّ ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ،
وَالْفَضْلِ وَالْاِنْعَامِ ، وَالْاَيَادِي الْجِسَامِ ،
وَ اَنْتَ الْجَوَادُ الْكَرِيْمُ الرَّءُوْفُ الرَّحِيْمُ ،
اَللّٰهُمَّ اَوْسِعْ عَلَيَّ مِنْ رِزْقِكَ الْحَلَالِ ،
وَ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ وَ دِيْنِيْ ، وَ اٰمِنْ خَوْفِيْ ،
وَ اَعْتِقْ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ ، اَللّٰهُمَّ لَا تَمْكُرْ
بِيْ وَ لَا تَسْتَدْرِجْنِيْ ، وَ لَا تَخْدَعْنِيْ ،
وَادْرَءْ عَنِّيْ شَرَّ فَسَقَةِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ .

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بلند بہت بالا اور برتر ہے جو ظالم بناتے ہیں، ساتوں آسمان
اور تمام زمینیں اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب تیری
تسبیح کرتے ہیں، کوئی چیز ایسی نہیں جو تیری حمد کے ساتھ تسبیح نہ
کر رہی ہو، تیرے ہی لیے ہے حمد و ثناء، عز و شرف اور بلندی
مقام، اے ذوالجلال والاکرام، تُو فضل و اِنعام کا مالک ہے،
تیری نعمتیں بہت بڑی ہیں، تُو بہت زیادہ دینے والا سخی ہے،
انتہائی شفیق انتہائی مہربان ہے، خداوندا! میرے حلال رزق
میں وسعت عطا فرما، میرے بدن اور دین دونوں کو سلامت
رکھ، مجھے خوف سے امان دے اور میری گردن کو آتشِ جہنّم سے
آزاد کر دے، خداوندا! مجھ پر تیری بلاؤں کو میرے جرائم کا
جرمانہ قرار نہ دینا، اور میرے جرائم کا بتدریج مواخذہ نہ کرنا اور
مجھے اپنے پُر فریب خیالات میں کھویا ہوا نہ چھوڑ دینا اور مجھے
شریر جنّوں اور انسانوں کے شر سے بچائے رکھنا۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(٨)

يَا اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ ، يَا اَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ ، وَ يَا اَسْرَعَ الْحَاسِبِيْنَ ، وَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ السَّادَةِ الْمَيَامِيْنِ ، وَ اَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ حَاجَتِيَ الَّتِيْ اِنْ اَعْطَيْتَنِيْهَا لَمْ يَضُرَّنِيْ مَا مَنَعْتَنِيْ ، وَ اِنْ مَّنَعْتَنِيْهَا لَمْ يَنْفَعْنِيْ مَا اَعْطَيْتَنِيْ ، اَسْئَلُكَ فَكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ ، وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ ، لَكَ الْمُلْكُ وَ لَكَ الْحَمْدُ ، وَ اَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ يَا رَبِّ يَا رَبِّ.

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۸)

پھر آپ نے اپنا سر آسمان کی جانب بلند کیا جبکہ آپ کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور آپ بلند آواز میں فرما رہے تھے :

اے سب سے بہتر سننے والے ، اے سب سے زیادہ دیکھنے والے ، اے سب سے تیز تر حساب کرنے والے ، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے ، محمدؐ و آلِ محمدؑ پر جو واجب الاحترام سردار ہیں اپنی رحمتیں نازل فرما ، اے معبود ! میں تجھ سے اپنی وہ حاجتیں طلب کر رہا ہوں کہ اگر تُو نے یہ پوری کر دیں تو باقی سب کا رد کر دینا میرے لیے مُضِر نہیں ہوگا ، اور اگر تُو نے میری یہ حاجتیں پوری نہ کیں تو باقی سب کچھ عطا کر دینا میرے لیے مُفید نہیں ہوگا ، وہ یہ کہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میری گردن کو دوزخ کی آگ سے چھڑا دے ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں تُو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں ، بادشاہی تیرے لیے ہے اور حمد تیرے لیے ہے اور تُو ہر چیز پر قادر ہے۔ یا رب ! یا رب !

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

حضرت امام حسین علیہ افضل الصلوٰۃ والسلام

بار بار

یا رب ! یا رب ! یا رب !

کہتے جاتے تھے اور روتے جاتے تھے جبکہ آپ کے اہلبیتؑ اور اصحاب ''آمین آمین'' کہتے جاتے تھے اور روتے جاتے تھے۔ یہ ماجرا دیکھ کر آس پاس موجود مسلمان جو اپنی اپنی زبان میں دعائیں مانگ رہے تھے آپ کے ساتھ آ کر کھڑے ہوگئے اور سب مل کر خداوند غفور الرحیم کے حضور اس قدر روئے اور یا رب ! یا رب ! کو دہرایا کہ سورج ڈوب گیا اور آخر میں سب نے آمین کہا۔ دعا ختم ہوئی تو سب میدان عرفات سے مشعر الحرام روانہ ہوگئے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

توجہ فرمایئے !

ابراہیم بن علی کفعمیؒ (۸۴۰ ـ ۹۰۵ھ) کی البلد الامین میں اور علامہ محمد باقر مجلسیؒ (۱۰۳۷ ـ ۱۱۱۰ھ) کی زاد المعاد کی روایت کے مطابق امام حسین علیہ السلام کی دعائے عرفہ یہاں ختم ہوجاتی ہے۔

لیکن

سید علی ابن موسیٰ ابن طاؤسؒ (۵۸۹ ـ ۶۶۴ھ) نے اپنی کتاب اقبال الاعمال میں مندرجہ ذیل اضافی کلمات روایت کئے ہیں جو بعض علماء کے نزدیک الحاقی ہیں لہٰذا ان کلمات کو رجاء کی نیت سے پڑھنا چاہیے۔

جن احباب کو اس حوالے سے تفصیلات جاننے میں دلچسپی ہو وہ نیچے دی ہوئی سائٹ سے رجوع کریں:

https://fazellankarani.com/urdu/lecture/5946/

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۹)

اِلٰهِیْ اَنَا الْفَقِیْرُ فِیْ غِنَایَ ، فَکَیْفَ
لَا اَکُوْنُ فَقِیْرًا فِیْ فَقْرِیْ ، اِلٰهِیْ اَنَا
الْجَاهِلُ فِیْ عِلْمِیْ ، فَکَیْفَ لَا اَکُوْنُ جَهُوْلًا
فِیْ جَهْلِیْ ، اِلٰهِیْ اِنَّ اخْتِلَافَ تَدْبِیْرِكَ
وَ سُرْعَةَ طَوَآءِ مَقَادِیْرِكَ ، مَنَعَا عِبَادَكَ
الْعَارِفِیْنَ بِكَ عَنِ السُّکُوْنِ اِلٰی عَطَآءٍ ،
وَالْیَاْسِ مِنْكَ فِیْ بَلَآءٍ ، اِلٰهِیْ مِنِّیْ مَا یَلِیْقُ
بِلُؤْمِیْ ، وَ مِنْكَ مَا یَلِیْقُ بِکَرَمِكَ ، اِلٰهِیْ
وَصَفْتَ نَفْسَكَ بِاللُّطْفِ وَالرَّاْفَةِ لِیْ قَبْلَ
وُجُوْدِ ضَعْفِیْ ، اَفَتَمْنَعُنِیْ مِنْهُمَا بَعْدَ وُجُوْدِ
ضَعْفِیْ ، اِلٰهِیْ اِنْ ظَهَرَتِ الْمَحَاسِنُ مِنِّیْ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

(۹)

الٰہی ! میں عین تونگری میں بھی محتاج ہوں ، پھر محتاجی میں کیونکر محتاج نہ ہوں گا ، الٰہی ! میں عین دانائی کے باوُجود بھی جاہل و نادان ہوں ، پھر نادانی میں کیونکر نادان نہ ہوں گا ، الٰہی ! تیری تدبیروں کی نیرنگی اور تیری تقدیر کے نوِشتہ جات میں تیز تر تبدیلی ، تیرے عارف بندوں کو ان دونوں باتوں سے روک دیتی ہے کہ اُن کے دل کسی عطا سے مطمئِن ، اور کسی بلا کی وجہ سے مایوس ہوجائیں ، الٰہی ! میری طرف سے جو اعمال تیری خدمت میں پیش ہوئے ہیں وہ میری بندگی کے مطابق ہیں ، اور تیری طرف سے جو مل رہا ہے وہ تیری شانِ کریمی کے مطابق ہے ، الٰہی ! تیری ذات مَہر و مُحبت اور لُطف و عِنایت کے اوصاف رکھتی ہے اور تو میرے ناتواں وُجود سے پہلے اس کا مُظاہرہ کر چکا ہے ، تو کیا مجھ کم زور اور ناتواں کے وُجود میں آجانے کے بعد اپنی نوازشات کا سلسلہ ترک کر دے گا ، الٰہی ! اگر مجھ سے اچھائیاں ظاہر ہوئی ہیں

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فَبِفَضْلِك ، وَ لَكَ الْمِنَّةُ عَلَيَّ ، وَ اِنْ ظَهَرَتِ
الْمَسَاوِیْ مِنّیْ فَبِعَدْلِك ، وَ لَكَ الْحُجَّةُ
عَلَيَّ ، اِلٰهِی کَیْفَ تَکِلُنِیْ وَ قَدْ تَکَفَّلْتَ لِیْ ،
وَ کَیْفَ اُضَامُ وَ اَنْتَ النَّاصِرُ لِیْ ، اَمْ کَیْفَ
اَخِیْبُ وَ اَنْتَ الْحَفِیُّ بِیْ ، هَا اَنَا اَتَوَسَّلُ
اِلَیْكَ بِفَقْرِیْ اِلَیْك ، وَ کَیْفَ اَتَوَسَّلُ
اِلَیْكَ بِمَا هُوَ مَحَالٌ اَنْ یَّصِلَ اِلَیْك ، اَمْ
کَیْفَ اَشْکُوْ اِلَیْكَ حَالِیْ وَ هُوَ لَا یَخْفٰی
عَلَیْك ، اَمْ کَیْفَ اُتَرْجِمُ بِمَقَالِیْ وَ هُوَ
مِنْكَ بَرَزٌ اِلَیْك ، اَمْ کَیْفَ تُخَیِّبُ اٰمَالِیْ وَ
هِیَ قَدْ وَفَدَتْ اِلَیْك ، اَمْ کَیْفَ لَا تُحْسِنُ
اَحْوَالِیْ وَ بِكَ قَامَتْ ، اِلٰهِی مَا اَلْطَفَكَ بِیْ مَعَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

تو یہ تیرا فضل و کرم ہے، اور مجھ پر تیرا احسان ہے، اور اگر مجھ سے برائیاں ظاہر ہوئی ہیں تو اس کی وجہ تیرا عدل ہے کیونکہ تُو نے مجھے مجبور پیدا نہیں کیا، اور میرے پاس تیری ظاہری اور باطنی حُجّت آ چکی ہے، الٰہی! تُو کیونکر مجھے غیر کے حوالے کرے گا جبکہ تُو میرا کفیل ہے، اور کیونکر ظالم مجھ پر ظلم کرے گا جبکہ تُو میرا حامی و ناصر ہے، اور کیونکر میں مایوس ہو جاؤں جبکہ تُو مجھ پر مہربان ہے، ہاں میں اپنی محتاجی کو تیری جناب میں وسیلہ بناتا ہوں، اور کیونکر اسے وسیلہ بناؤں جس کا تجھ تک پہنچنا ممکن ہی نہیں، میں کیونکر تجھ سے اپنے حالات کا شکوہ کروں جبکہ وہ تجھ پر مخفی نہیں، میں کیونکر اپنے کلام کو اپنا ترجمان بناؤں جبکہ وہ تجھ پر واضح ہے، تُو کیونکر مجھے میری اُمّیدوں سے محروم رکھے گا جبکہ وہ تیری بارگاہ میں پہنچ چکی ہیں، میرے حالات کیوں نہیں بدلیں گے جبکہ اُن کا بدلنا تیرے دستِ قدرت میں ہے، الٰہی! میری

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

عَظِيمِ جَهْلِيْ ، وَ مَا اَرْحَمَكَ بِيْ مَعَ قَبِيْحِ
فِعْلِيْ ، اِلٰهِيْ مَا اَقْرَبَكَ مِنّيْ وَ اَبْعَدَنِيْ عَنْكَ وَ
مَا اَرْاَفَكَ بِيْ ، فَمَا الَّذِيْ يَحْجُبُنِيْ عَنْكَ ،
اِلٰهِيْ عَلِمْتُ بِاخْتِلَافِ الْآثَارِ وَ تَنَقُّلَاتِ
الْاَطْوَارِ ، اَنَّ مُرَادَكَ مِنّيْ اَنْ تَتَعَرَّفَ اِلَيَّ فِيْ
كُلِّ شَيْءٍ ، حَتّٰى لَا اَجْهَلَكَ فِيْ شَيْءٍ ، اِلٰهِيْ
كُلَّمَا اَخْرَسَنِيْ لُؤْمِيْ اَنْطَقَنِيْ كَرَمُكَ ، وَ كُلَّمَا
اٰيَسَتْنِيْ اَوْصَافِيْ اَطْمَعَتْنِيْ مِنَنُكَ ، اِلٰهِيْ
مَنْ كَانَتْ مَحَاسِنُهُ مَسَاوِيَ ، فَكَيْفَ لَا
تَكُوْنُ مَسَاوِيْهِ مَسَاوِيَ ، وَ مَنْ كَانَتْ
حَقَآئِقُهُ دَعَاوِيَ ، فَكَيْفَ لَا تَكُوْنُ دَعَاوِيْهِ
دَعَاوِيَ ، اِلٰهِيْ حُكْمُكَ النَّافِذُ وَ مَشِيَّتُكَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

عظیم نادانی کے باوُجود مجھ پر تیری عنایت ہے ، اور میرے
برے فعل کے باوُجود مجھ پر تیری رحمت ہے ، الٰہی ! تُو مجھ سے
کتنا قریب ہے اور میں تجھ سے کتنا دور ہوں جبکہ تُو مجھ پر نہایت
مہربان ہے ، پس اب کون تیرے میرے درمیان حائل ہوسکتا
ہے ، الٰہی ! میں مختلف علاماتِ کائنات اور زندگی کے سرد و گرم
حالات کو دیکھ کر جان گیا ہوں کہ تُو چاہتا ہے میں تمام چیزوں
میں فقط تجھے دیکھوں حتیٰ کہ کسی بھی چیز میں تجھ سے توجہ نہ ہٹاؤں ،
الٰہی ! جب بھی میری کم حیثیتی میری زَبان گُنگ کر دیتی ہے تیرا
کرم مجھے لب کُشائی کا حوصلہ دیتا ہے ، اور جب بھی میرے
اوصاف میری آس توڑ دیتے ہیں تیرا احسان مجھے اُمّید دلاتا ہے ،
الٰہی ! جس کی اچھائیاں بھی برائیوں جیسی ہوں اُس کی برائیاں
برائیوں جیسی کیوں نہ ہوں گی ، اور جس کی نگاہ کے حقائق بھی
دعوے سے زیادہ حیثیت نہ رکھتے ہوں اُس کے دعووں کی کیا
حیثیت ہوگی ، الٰہی ! تیرے نافِذ حکم اور تیری زبردست مَشیّت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

الْقَاهِرَةُ لَمْ يَتْرُكَا لِذِیْ مَقَالٍ مَقَالًا ، وَ لَا لِذِیْ حَالٍ حَالًا ، اِلٰهِیْ كَمْ مِّنْ طَاعَةٍ بَنَیْتُهَا ، وَ حَالَةٍ شَیَّدْتُّهَا ، هَدَمَ اعْتِمَادِیْ عَلَیْهَا عَدْلُكَ ، بَلْ اَقَالَنِیْ مِنْهَا فَضْلُكَ ، اِلٰهِیْ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنِّیْ وَ اِنْ لَمْ تَدُمِ الطَّاعَةُ مِنِّیْ فِعْلًا جَزْمًا ، فَقَدْ دَامَتْ مَحَبَّةً وَ عَزْمًا ، اِلٰهِیْ كَیْفَ اَعْزِمُ وَ اَنْتَ الْقَاهِرُ ، وَ كَیْفَ لَا اَعْزِمُ وَ اَنْتَ الْاٰمِرُ ، اِلٰهِیْ تَرَدُّدِیْ فِی الْاٰثَارِ یُوْجِبُ بُعْدَ الْمَزَارِ ، فَاجْمَعْنِیْ عَلَیْكَ بِخِدْمَةٍ تُوْصِلُنِیْ اِلَیْكَ ، كَیْفَ یُسْتَدَلُّ عَلَیْكَ بِمَا هُوَ فِیْ وُجُوْدِهٖ مُفْتَقِرٌ اِلَیْكَ ، اَیَكُوْنُ لِغَیْرِكَ مِنَ الظُّهُوْرِ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

نے کسی بولنے والے کو بولنے کے قابل نہیں چھوڑا ، اور نہ کسی
صاحبِ حال کو ایک حالت پر باقی رہنے دیا ، الٰہی ! میں نے کتنی
ساری اطاعتوں کی بنیاد رکھی ، اور حالات کو اپنے حق میں کتنا زیادہ
سازگار بنایا ، مگر تیرے عدل نے اُن پر سے میرا بھروسا توڑ دیا ،
اور پھر تیرے کرم نے مجھے حوصلہ دیا ، الٰہی ! یقیناً تُو جانتا ہے کہ
میں پکّے ارادے کے ساتھ تیری اطاعت کی راہ میں ثابت قدم
نہیں رہا ، البتّہ اطاعت کی راہ میں میرا جذبۂ مُحبت اور عزم و ارادہ
دائمی ہے ، الٰہی ! میں کیسے ارادہ کروں جبکہ تُو زبردست ہے ، اور کیسے
ارادہ نہ کروں جبکہ تُو نے اس کا حکم دیا ہے ، الٰہی ! تیرے آثار میں
غور و فکر نے مجھے تیرے جلوے سے دور کر دیا ہے ، لہٰذا مجھے کسی
ایسی خدمت کا موقع دیدے کہ تجھ تک پہنچ جاؤں ، میں کیسے تیری
نشانیوں کو تیرے وُجود پر دلیل بناؤں جو خود اپنے وُجود کے
لیے تیری محتاج ہیں ، کیا تیرے غیر کے لیے بھی کوئی ایسا ظُہور ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

مَا لَيْسَ لَكَ ، حَتّٰى يَكُوْنَ هُوَ الْمُظْهِرَ لَكَ ، مَتٰى غِبْتَ حَتّٰى تَحْتَاجَ اِلٰى دَلِيْلٍ يَدُلُّ عَلَيْكَ ، وَ مَتٰى بَعُدْتَّ حَتّٰى تَكُوْنَ الْاٰثَارُ هِيَ الَّتِيْ تُوصِلُ اِلَيْكَ ، عَمِيَتْ عَيْنٌ لَا تَرَاكَ عَلَيْهَا رَقِيْبًا ، وَ خَسِرَتْ صَفْقَةُ عَبْدٍ لَمْ تَجْعَلْ لَّهُ مِنْ حُبِّكَ نَصِيْبًا ، اِلٰهِيْ اَمَرْتَ بِالرُّجُوْعِ اِلَى الْاٰثَارِ ، فَارْجِعْنِيْ اِلَيْكَ بِكِسْوَةِ الْاَنْوَارِ ، وَ هِدَايَةِ الْاِسْتِبْصَارِ ، حَتّٰى اَرْجِعَ اِلَيْكَ مِنْهَا ، كَمَا دَخَلْتُ اِلَيْكَ مِنْهَا مَصُوْنَ السِّرِّ عَنِ النَّظَرِ اِلَيْهَا ، وَ مَرْفُوْعَ الْهِمَّةِ عَنِ الْاِعْتِمَادِ عَلَيْهَا ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، اِلٰهِيْ هٰذَا ذُلِّيْ ظَاهِرٌ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

جو تیرے لیے نہیں ہے ، یہاں تک کہ وہ تیرے ظُہور کا سبب بن جائے ،تُو غائب ہی کب تھا کہ تجھے ڈھونڈنے کے لیے دلیل کی ضرورت پڑے ، اور تُو دور ہی کب تھا کہ مناظرِ قدرت و مَظاہرِ فطرت تجھ تک پہنچنے کا ذریعہ بنیں ، اندھی ہیں وہ آنکھیں جو تجھے اپنا نگراں نہیں سمجھتیں ، اور اُس بندے نے تو اپنی تجارت میں گھاٹا ہی اٹھایا جس نے تیری محبت میں سے حصّہ نہیں پایا ، الٰہی ! چونکہ تُو نے مجھے عالمِ ہستی میں غور وفکر اور تحقیق و جستجو کا حکم دیا ہے ، اس لیے مجھے غور و فکر کر لینے کے بعد لباسِ نور اور بصیرت کے ساتھ تیری طرف اس طرح پلٹا ، کہ میں جب ان آثار کے ذریعے تیری طرف پلٹوں ، تو تیرے اَسرار کے حِصار میں داخل ہوتے وقت ، میری نظریں صرف تجھی پر جمی ہوں اور میری نگاہوں میں ان آثار کی کوئی وَقعت نہ ہو ، بے شک تُو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ، الٰہی ! میری یہ پستی تیرے سامنے ظاہر ہے

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بَيْنَ يَدَيْكَ ، وَ هٰذَا حَالِىْ لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ ، مِنْكَ اَطْلُبُ الْوُصُوْلَ اِلَيْكَ ، وَ بِكَ اَسْتَدِلُّ عَلَيْكَ ، فَاهْدِنِىْ بِنُوْرِكَ اِلَيْكَ ، وَ اَقِمْنِىْ بِصِدْقِ الْعُبُوْدِيَّةِ بَيْنَ يَدَيْكَ ، اِلٰهِىْ عَلِّمْنِىْ مِنْ عِلْمِكَ الْمَخْزُوْنِ ، وَ صُنِّىْ بِسِتْرِكَ الْمَصُوْنِ ، اِلٰهِىْ حَقِّقْنِىْ بِحَقَآئِقِ اَهْلِ الْقُرْبِ ، وَاسْلُكْ بِىْ مَسْلَكَ اَهْلِ الْجَذْبِ ، اِلٰهِىْ اَغْنِنِىْ بِتَدْبِيْرِكَ لِىْ عَنْ تَدْبِيْرِىْ ، وَ بِاخْتِيَارِكَ عَنِ اخْتِيَارِىْ ، وَ اَوْقِفْنِىْ عَلٰى مَرَاكِزِ اضْطِرَارِىْ ، اِلٰهِىْ اَخْرِجْنِىْ مِنْ ذُلِّ نَفْسِىْ ، وَ طَهِّرْنِىْ مِنْ شَكِّىْ وَ شِرْكِىْ قَبْلَ حُلُوْلِ رَمْسِىْ ، بِكَ اَنْتَصِرُ فَانْصُرْنِىْ ، وَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اور میری یہ بری حالت تجھ سے پوشیدہ نہیں ہے ، چنانچہ میں چاہتا ہوں کہ تُو خود مجھے میرے مطلوب تک پہنچا دے ، اور میں تجھی سے تیری رہنمائی کا خواستگار ہوں ، پس اپنے نور سے اپنی طرف میری ہدایت فرما ، اور تیری سچّی بندگی کے ساتھ تیری بارگاہ میں حاضری کی سعادت نصیب فرما ، الٰہی ! مجھے اپنے پوشیدہ عُلوم میں سے کچھ عطا فرما ، اور اپنے حفاظتی حِصار سے میری حفاظت فرما ، الٰہی ! مجھے اہلِ قرب کے حقائق سے بہرہ وَر فرما ، اور اہلِ جذب کی راہ پر ڈال دے ، الٰہی ! تیری پسند کے ذریعے مجھے میری پسند سے بے نیاز کر دے ، اور پریشانی کے عالم میں مجھے ثابت قدم رکھ ، الٰہی ! مجھے میری ذات کی پستی سے نکال لے اور شک و شِرک سے پاک کر دے قبل اس کے کہ میں زیرِ خاک چلا جاؤں ، میں تجھ سے مدد چاہتا ہوں ، میری مدد فرما ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

عَلَيْكَ اَتَوَكَّلُ فَلَا تَكِلْنِي ، وَ اِيَّاكَ اَسْئَلُ فَلَا تُخَيِّبْنِي ، وَفِيْ فَضْلِكَ اَرْغَبُ فَلَا تَحْرِمْنِي ، وَ بِجَنَابِكَ اَنْتَسِبُ فَلَا تُبْعِدْنِي ، وَ بِبَابِكَ اَقِفُ فَلَا تَطْرُدْنِي ، اِلٰهِي تَقَدَّسَ رِضَاكَ اَنْ يَكُوْنَ لَهٗ عِلَّةٌ مِّنْكَ ، فَكَيْفَ يَكُوْنُ لَهٗ عِلَّةٌ مِّنِّيْ ، اِلٰهِي اَنْتَ الْغَنِيُّ بِذَاتِكَ اَنْ يَّصِلَ اِلَيْكَ النَّفْعُ مِنْكَ ، فَكَيْفَ لَا تَكُوْنُ غَنِيًّا عَنِّيْ ، اِلٰهِي اِنَّ الْقَضَآءَ وَالْقَدَرَ يُمَنِّيْنِي وَ اِنَّ الْهَوٰى بِوَثَآئِقِ الشَّهْوَةِ اَسَرَنِيْ ، فَكُنْ اَنْتَ النَّصِيْرَ لِيْ حَتّٰى تَنْصُرَنِيْ وَ تُبَصِّرَنِيْ ، وَ اَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ حَتّٰى اَسْتَغْنِيَ بِكَ عَنْ طَلَبِيْ ، اَنْتَ الَّذِيْ اَشْرَقْتَ الْاَنْوَارَ فِيْ قُلُوْبِ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

میرا تکیہ تجھی پر ہے، پس مجھے کسی اور کے حوالے نہ کر، میں تجھی سے مانگتا ہوں مجھے نااُمیّد نہ کر، میں تیرے فضل کا خواہاں ہوں پس مجھے محروم نہ رکھ، مجھے تجھ سے نِسبت ہے پس مجھے اپنے سے دور نہ کر، تیرے درِ سخا پر کھڑا ہوں پس مجھے خالی ہاتھ نہ لوٹا، الٰہی! تیری خوشنودی اس سے پاک ہے کہ اُس میں تیری طرف سے کوئی کمی ہو، تو بھلا یہ کیونکر ممکن ہے کہ میں اس میں کمی تلاش کروں، الٰہی! تُو اس سے بے نیاز ہے کہ تجھے تیری ذات سے کوئی نفع حاصل ہو، پھر میری ذات سے تو کیونکر بے نیاز نہ ہوگا، الٰہی! بے شک قضا و قدر نے میرے اندر اُمّید کے چراغ جلا رکھے ہیں اور ہوا و ہوس نے مجھے زنجیروں میں جکڑ رکھا ہے، پس تُو میرا مددگار بن جا تا کہ ہوا و ہوس مجھ پر قابو نہ پا سکیں اور مجھے سیدھا راستہ دکھا، اور اپنے فضل و کرم سے ایسا بے نیاز کر دے کہ فقط تیرے سامنے ہاتھ پھیلاؤں اور تُو تو اپنے دوستوں کے دلوں

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اَوْلِيَآئِكَ ، حَتّٰى عَرَفُوْكَ وَ وَحَّدُوْكَ ، وَ اَنْتَ الَّذِىْ اَزَلْتَ الْاَغْيَارَ عَنْ قُلُوْبِ اَحِبَّآئِكَ ، حَتّٰى لَمْ يُحِبُّوْا سِوَاكَ ، وَلَمْ يَلْجَئُوْا اِلٰى غَيْرِكَ ، اَنْتَ الْمُوْنِسُ لَهُمْ حَيْثُ اَوْحَشَتْهُمُ الْعَوَالِمُ ، وَ اَنْتَ الَّذِىْ هَدَيْتَهُمْ حَيْثُ اسْتَبَانَتْ لَهُمُ الْمَعَالِمُ ، مَا ذَا وَجَدَ مَنْ فَقَدَكَ ، وَ مَا الَّذِىْ فَقَدَ مَنْ وَّجَدَكَ ، لَقَدْ خَابَ مَنْ رَّضِىَ دُوْنَكَ بَدَلًا ، وَ لَقَدْ خَسِرَ مَنْ بَغٰى عَنْكَ مُتَحَوِّلًا ، كَيْفَ يُرْجٰى سِوَاكَ وَ اَنْتَ مَا قَطَعْتَ الْاِحْسَانَ ، وَ كَيْفَ يُطْلَبُ مِنْ غَيْرِكَ وَ اَنْتَ مَا بَدَّلْتَ عَادَةَ الْاِمْتِنَانِ ، يَا مَنْ اَذَاقَ اَحِبَّآئَهٗ حَلَاوَةَ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

کی آنکھیں روشن کرنے والا ہے، تا کہ وہ تجھے پہچانیں اور تیری توحید کا اقرار کریں ، اور تُو ہی ہے جس نے اپنے دوستوں کے دلوں سے غیروں کی مُحبت مِٹا دی ہے ، حتیٰ کہ ان کے دلوں میں تیرے سوا کسی کی مُحبت نہیں بستی ، اور انھوں نے تیرے غیر کی پناہ نہیں لی ، تُو اُس وقت بھی اُن کا مُونس و ہمدم تھا جب ساری دنیا اُن کے لیے وحشت کدہ بنی ہوئی تھی ، اور وہ تُو ہی ہے جس نے اُن کی ہدایت فرمائی تو سارے جہانوں نے اپنا آپ اُن کے قلب و نگاہ پر ظاہر کر دیا ، اور اُس نے کیا پایا جس نے تجھے کھو دیا ، اور اُس نے کیا کھویا جس نے تجھے پا لیا ، جو تیرے غیر کی بندگی پر خوش ہوا وہ ضرور رُسوا ہوا ، جس نے تجھ سے سرکشی کی وہ سخت گھاٹے میں رہا اور بد حال ہوگیا ، تیرے غیر سے کیسے اُمّید باندھی جا سکتی ہے جبکہ تُو نے اپنے احسان کا سلسلہ منقطع نہیں کیا ، اور تیرے غیر سے کیسے مانگا جا سکتا ہے جبکہ تُو نے اپنے فضل و کرم کی عادت کو نہیں بدلا ، اے وہ جو اپنے دوستوں کو اپنی مُحبت اور دوستی کی لذّت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

الْمُؤَانَسَةِ ، فَقَامُوا بَيْنَ يَدَيْهِ مُتَمَلِّقِيْنَ ، وَ
يَا مَنْ اَلْبَسَ اَوْلِيَائَهُ مَلَابِسَ هَيْبَتِهِ ،
فَقَامُوا بَيْنَ يَدَيْهِ مُسْتَغْفِرِيْنَ ، اَنْتَ
الذَّاكِرُ قَبْلَ الذَّاكِرِيْنَ ، وَ اَنْتَ الْبَادِئُ
بِالْاِحْسَانِ قَبْلَ تَوَجُّهِ الْعَابِدِيْنَ ، وَ اَنْتَ
الْجَوَادُ بِالْعَطَآءِ قَبْلَ طَلَبِ الطَّالِبِيْنَ ،
وَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ثُمَّ لِمَا وَ هَبْتَ لَنَا مِنَ
الْمُسْتَقْرِضِيْنَ ، اِلٰهِىْ اُطْلُبْنِىْ بِرَحْمَتِكَ
حَتّٰى اَصِلَ اِلَيْكَ ، وَاجْذِبْنِىْ بِمَنِّكَ حَتّٰى
اُقْبِلَ عَلَيْكَ ، اِلٰهِىْ اِنَّ رَجَآئِىْ لَا يَنْقَطِعُ
عَنْكَ وَ اِنْ عَصَيْتُكَ ، كَمَا اَنَّ خَوْفِىْ لَا
يُزَايِلُنِىْ وَ اِنْ اَطَعْتُكَ ، فَقَدْ دَفَعَتْنِىْ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

سے آشنا کرتا ہے، تو وہ اُس کی جناب میں مدح و ثناء کے لیے
کمربستہ ہوجاتے ہیں ، اے وہ جو اپنے دوستوں کو اپنی ہیبَت کا
لباس پہناتا ہے ، تو وہ اس کے سامنے مغفِرت مانگنے کھڑے
ہوجاتے ہیں ، اے خدا تُو یاد کرنے والوں سے پہلے خود ہی اُن کو
یاد کرتا ہے، اور عبادت کرنے والوں کے مُتوجہ ہونے سے پہلے
خود احسان میں پہل کرتا ہے ، اور مانگنے والوں کی مانگ سے
پہلے ہی دستِ سخا بڑھا دیتا ہے اور تُو کسی بدلے کے بغیر دیتا ہے
اور جو کچھ ہمیں دیتا ہے قرض خواہ کی طرح ہم سے مانگتا ہے ،
الٰہی ! مجھے اپنی رحمت کے ذریعے طلب فرما تا کہ میں تیری بارگاہ
تک پہنچ سکوں ، اور اپنے احسان کے ذریعے مجھے اپنی طرف کھینچ
لے یہاں تک کہ میں تیری طرف بڑھوں ، الٰہی ! میری آس تجھ
سے نہیں ٹوٹے گی اگرچہ میں تیری نافرمانی کروں ویسے ہی جیسے
تیرا خوف نہیں جاتا چاہے میں تیری کتنی ہی اطاعت کروں ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اَلْعَوَالِمُ اِلَيْكَ ، وَ قَدْ اَوْقَعَنِىْ عِلْمِىْ بِكَرَمِكَ
عَلَيْكَ ، اِلٰهِىْ كَيْفَ اَخِيْبُ وَ اَنْتَ اَمَلِىْ ،
اَمْ كَيْفَ اُهَانُ وَ عَلَيْكَ مُتَّكَلِىْ ، اِلٰهِىْ كَيْفَ
اَسْتَعِزُّ وَفِى الذِّلَّةِ اَرْكَزْتَنِيْ ، اَمْ كَيْفَ لَا
اَسْتَعِزُّ وَ اِلَيْكَ نَسَبْتَنِىْ ، اِلٰهِىْ كَيْفَ لَا
اَفْتَقِرُ وَ اَنْتَ الَّذِىْ فِى الْفُقَرَآءِ اَقَمْتَنِىْ ، اَمْ
كَيْفَ اَفْتَقِرُ وَ اَنْتَ الَّذِىْ بِجُوْدِكَ اَغْنَيْتَنِىْ
وَ اَنْتَ الَّذِىْ لَا اِلٰهَ غَيْرُكَ ، تَعَرَّفْتَ لِكُلِّ
شَىْءٍ فَمَا جَهِلَكَ شَىْءٌ ، وَ اَنْتَ الَّذِىْ
تَعَرَّفْتَ اِلَىَّ فِىْ كُلِّ شَىْءٍ ، فَرَاَيْتُكَ ظَاهِرًا
فِىْ كُلِّ شَىْءٍ ، وَ اَنْتَ الظَّاهِرُ لِكُلِّ شَىْءٍ ،
يَا مَنِ اسْتَوٰى بِرَحْمَانِيَّتِهٖ ، فَصَارَ الْعَرْشُ

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بتحقیق دنیا جہان نے مجھے تیری طرف دھکیل دیا ہے اور تیرے عطا کردہ علم نے مجھے تیری چوکھٹ پر پہنچا دیا ہے، الٰہی ! میں کیونکر نااُمیّد ہوجاؤں جبکہ تو ہی میری مراد ہے، یا میں کیسے رُسوا ہوں گا جبکہ تُو میرا پشت پناہ ہے، الٰہی ! میں خود سے کیسے عزت دار بن جاؤں گا جبکہ تُو نے میرے لیے پستی قرار دی ہے، میں کیسے اپنے اندر احساسِ عزت نہ پاؤں جبکہ تُو نے مجھے اپنی طرف نِسبت دی ہے، الٰہی ! میں کیونکر محتاج نہ بنوں جبکہ تُو نے مجھے محتاجوں کی صف میں رکھا ہے، اور میں کیسے محتاج رہ سکتا ہوں جبکہ تُو نے خود احسان کر کے مجھے بے نیاز کر دیا ہے، اور تُو وہ خدا ہے جس کے سوا کوئی اور خدا نہیں، تُو نے ہر چیز کو اپنی پہچان کرائی پس کوئی چیز ایسی نہیں جو تجھ کو نہ جانتی ہو، اور تُو نے مجھے ہر چیز کے ذریعے اپنی پہچان کرائی، پس میں نے تجھے ہر چیز میں عیاں دیکھا، اور تُو ہر چیز میں ظاہر و ہُوَیدا ہے، اے وہ جو اپنی رحمانیت سے ساری کائنات پر چھایا ہوا ہے یہاں تک کہ عرش

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

غَيْبًا فِيْ ذَاتِهٖ ، مَحقْتَ الْاٰثَارَ بِالْاٰثَارِ ، وَ
مَحَوْتَ الْاَغْيَارَ بِمُحِيْطَاتِ اَفْلَاكِ الْاَنْوَارِ ،
يَا مَنِ احْتَجَبَ فِيْ سُرَادِقَاتِ عَرْشِهٖ عَنْ اَنْ
تُدْرِكَهُ الْاَبْصَارُ ، يَا مَنْ تَجَلّٰى بِكَمَالِ
بَهَآئِهٖ فَتَحَقَّقَتْ عَظَمَتُهُ الْاِسْتِوَآءَ ، كَيْفَ
تَخْفٰى وَ اَنْتَ الظَّاهِرُ ، اَمْ كَيْفَ تَغِيْبُ وَ
اَنْتَ الرَّقِيْبُ الْحَاضِرُ ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَحْدَهٗ.

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اُس کی ذات میں نِہاں ہوگیا ہے، تُو نے آثار کے ذریعے آثار کو مٹا دیا ہے، اور تُو نے اَغیار کو روشن آسمان میں حقائق کے دائروں سے نکال دیا ہے، اے وہ خدا جو اپنے عرش کے پردوں میں یوں پنہاں ہے کہ آنکھیں اُسے دیکھ نہیں سکتیں، اے وہ کہ جو اپنے نورِ کامل کے ساتھ عالِم ہستی میں یوں جلوہ افروز ہے کہ اُس کی عظمت ہر چیز پر چھا گئی ہے، تُو کس طرح پوشیدہ ہوسکتا ہے جبکہ تُو ظاہر ہے، اور تُو کیسے غائب ہوسکتا ہے جبکہ تُو نگہبان اور حاضر ہے، بے شک تُو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اور ساری حمد اللہ کے لیے ہے جو ایک اکیلا ہے۔

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

عرفہ کے دن حضرت امام حسینؑ علیہ السلام کی زیارت

اہل بیت اطہار علیہم السلام سے درج ذیل ''زیارت عرفہ'' کے متعلق بہت زیادہ روایات آئی ہیں اور اس زیارت کا جو ثواب بیان ہوا ہے وہ حد شمار سے باہر ہے۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صَفْوَةِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوحٍ نَبِيِّ اللهِ	آپ پر سلام ہو اے آدمؑ کے وارث جو خدا کے پسندیدہ ہیں، آپ پر سلام ہو اے نوحؑ کے وارث جو خدا کے نبی ہیں، آپ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيمَ خَلِيلِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُوسٰى كَلِيمِ اللهِ	پر سلام ہو اے ابراہیمؑ کے وارث جو خدا کے خلیل ہیں، آپ پر سلام ہو اے موسیٰؑ کے وارث جو خدا کے کلیم ہیں، آپ پر سلام ہو اے
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰى رُوحِ اللهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيبِ اللهِ	عیسیٰؑ کے وارث جو خدا کی روح ہیں، آپ پر سلام ہو اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وارث جو خدا کے محبوب ہیں،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ
اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَا وَارِثَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا بْنَ مُحَمَّدٍ
ِالْمُصْطَفٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ
يَابْنَ عَلِيِّ ِالْمُرْتَضٰى اَلسَّلَامُ
عَلَيْكَ يَابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ خَدِيْجَةَ
الْكُبْرٰى اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاثَارَ
اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ وَالْوِتْرَ الْمَوْتُوْرَ
اَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ اَقَمْتَ الصَّلٰوةَ وَ
اٰتَيْتَ الزَّكٰوةَ وَ اَمَرْتَ بِالْمَعْرُوْفِ
وَ نَهَيْتَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاَطَعْتَ

آپ پر سلام ہو اے امیرالمومنینؑ
کے وارث ، آپ پر سلام ہو
اے فاطمہ زہراؑ کے وارث ، آپ
پر سلام ہو اے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کے فرزند ، آپ پر سلام ہو اے
علیِ مرتضیٰؑ کے فرزند، آپ پر سلام
ہو اے فاطمہ زہراؑ کے فرزند ،
آپ پر سلام ہو اے خدیجۃ الکبریٰؑ
کے فرزند ، آپ پر سلام ہو اے
قربانِ خدا اور قربانِ خدا کے فرزند
اور وہ خون جس کا بدلہ لیا جائے گا ،
میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے
نماز قائم کی اور زکات دی ، آپ
نے نیک کاموں کا حکم دیا ، برے
کاموں سے منع کیا اور اطاعت

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اللّٰهَ حَتّٰى اَتَاکَ الْیَقِیْنُ فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً قَتَلَتْکَ فَلَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً ظَلَمَتْکَ وَ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِکَ فَرَضِیَتْ بِهٖ یَا مَوْلَایَ یَا اَبَا عَبْدِاللّٰهِ اُشْهِدُ اللّٰهَ مَلَآئِکَتَهٗ وَ اَنْبِیَآئَهٗ وَ رُسُلَهٗ اَنِّیْ بِکُمْ مُؤْمِنٌ وَ بِاِیَابِکُمْ مُوْقِنٌ بِشَرَائِعِ دِیْنِیْ وَ خَوَاتِیْمِ عَمَلِیْ وَ مُنْقَلَبِیْ اِلٰی رَبِّیْ فَصَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْکُمْ وَ عَلٰی اَرْوَاحِکُمْ وَعَلٰی اَجْسَادِکُمْ وَ عَلٰی شَاهِدِکُمْ وَ عَلٰی غَآئِبِکُمْ وَ ظَاهِرِکُمْ وَ

خدا کرتے رہے یہاں تک کہ شہید ہوگئے ، پس خدا لعنت کرے اُس گروہ پر جس نے آپ کو قتل کیا ، خدا لعنت کرے اُس گروہ پر جس نے آپ پر ظلم کیا اور خدا لعنت کرے اُس گروہ پر جس نے یہ واقعہ سنا تو اس پر خوش ہوا ، اے میرے آقا ! اے ابا عبداللہ میں اس پر گواہ کرتا ہوں خدا کو ، اُس کے فرشتوں کو ، اُس کے نبیوں اور رسولوں کو کہ میں آپ پر اور آپ کی رجعت پر ایمان رکھتا ہوں ، نیز احکامِ دین پر ، اپنے عمل کی جزا پر اور خدا کی طرف اپنی واپسی پر یقین رکھتا ہوں ، پس آپ پر ، آپ کی ارواح پر ، آپ کے آسودۂ خاک بدنوں پر ، آپ کے حاضر پر اور آپ کے غائب پر ، آپ کے ظاہر پر اور

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

بَاطِنِكُمْ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ
خَاتَمِ النَّبِيّيْنَ وَابْنَ سَيِّدِ
الْوَصِيّيْنَ وَابْنَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ
وَابْنَ قَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ
اِلٰى جَنَّاتِ النَّعِيْمِ وَ كَيْفَ لَا
تَكُوْنُ كَذٰلِكَ وَ اَنْتَ بَابُ
الْهُدٰى وَاِمَامُ التُّقٰى وَالْعُرْوَةُ
الْوُثْقٰى وَالْحُجَّةُ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا
وَ خَامِسُ اَصْحَابِ الْكِسَآءِ
غَذَتْكَ يَدُ الرَّحْمَةِ وَ رُضِعْتَ
مِنْ ثَدْيِ الْاِيْمَانِ وَ رُبِّيْتَ فِيْ
حِجْرِ الْاِسْلَامِ فَالنَّفْسُ غَيْرُ
رَاضِيَةٍ بِفِرَاقِكَ وَ لَا شَاكَّةٍ

آپ کے باطن پر خدا کی رحمتیں
ہوں ، اے خاتم الانبیاء کے فرزند ،
اے سید الاوصیاء کے فرزند ،
پرہیزگاروں کے امام کے فرزند ،
چمکتے دمکتے چہرے والوں کے پیشوا
کے فرزند ، نعمتوں والی جنت میں
داخلے تک آپ پر سلام ہو اور ایسا
کیوں نہ ہو جبکہ آپ بابِ ہدایت ،
مُتقیّوں کے امام ، خدا کی مضبوط
رسّی ، اہلِ دنیا پر خدا کی حجت اور
اہلِ کساء کے پانچویں فرد ہیں ، آپ
نے دستِ رحمت سے غذا کھائی ،
سرچشمۂ ایمان سے دودھ پیا اور آپ
نے اسلام کی آغوش میں پرورش
پائی ، پس یہ دل آپ کی جدائی
میں ناخوش ہے اور اسے آپ کے

Presented By: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فِیْ حَیَاتِكَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْكَ وَ عَلٰی اٰبَآئِكَ وَ اَبْنَآئِكَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا صَرِیْعَ الْعَبْرَةِ السَّاکِبَةِ وَ قَرِیْنَ الْمُصِیْبَةِ الرَّاتِبَةِ لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً اِسْتَحَلَّتْ مِنْكَ الْمَحَارِمَ وَانْتَهَكَتْ فِیْکَ حُرْمَةَ الْاِسْلَامِ فَقُتِلْتَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْکَ مَقْهُوْرًا وَ اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ بِکَ مَوْتُوْرًا وَ اَصْبَحَ کِتَابُ اللّٰهِ بِفَقْدِکَ مَهْجُوْرًا اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ وَ عَلٰی جَدِّكَ وَ

زندۂ جاوید ہونے میں کوئی شک نہیں خدا کی رحمتیں ہوں آپ پر، آپ کے آباء و اجداد پر اور آپ کے بیٹوں پر، آپ پر سلام ہو اے وہ شہید جس پر آنسو بہائے گئے اور جس پر مصیبت بالائے مصیبت آتی رہی ، خدا لعنت کرے اُس گروہ پر جس نے آپ کی حرمت کا لحاظ نہ کیا، پس خدا کی رحمت ہو آپ پر کہ آپ جور و جفا کا نشانہ بنائے گئے، کل قیامت کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کے خونِ ناحق کے دعویدار ہوں گے کیونکہ اِدھر آپ کی شہادت سے کتابِ خدا کا حکم معطل ہوگیا تھا ، سلام ہو آپ پر ، آپ کے نانا پر ،

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

اَبِيْكَ وَ اُمِّكَ وَ اَخِيكَ وَ عَلَى
الْاَئِمَّةِ مِنْ بَنِيْكَ وَ عَلَى
الْمُسْتَشْهَدِيْنَ مَعَكَ وَ عَلَى
الْمَلآئِكَةِ الْحَآفِّيْنَ بِقَبْرِكَ
وَالشَّاهِدِيْنَ لِزُوَّارِكَ الْمُؤمِنِيْنَ
بِالْقَبُوْلِ عَلٰى دُعَآءِ شِيْعَتِكَ
وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ رَحْمَةُ اللهِ
وَ بَرَكَاتُهُ بِاَبِيْ اَنْتَ وَ اُمِّيْ
يَابْنَ رَسُوْلِ اللهِ بِاَبِيْ اَنْتَ وَ
اُمِّيْ يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ لَقَدْ
عَظُمَتِ الرَّزِيَّةُ وَ جَلَّتِ
الْمُصِيْبَةُ بِكَ عَلَيْنَا وَ عَلٰى
جَمِيْعِ اَهْلِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ

آپ کے والد پر، آپ کی والدہ
پر اور آپ کے بھائی پر اور سلام
ہو آپ کی نسل میں ہونے والے
اماموں پر اور سلام ہو آپ کے ہمراہ
شہید ہونے والے اصحاب پر، سلام
ہو اُن فرشتوں پر جو آپ کی قبر کے
گرد رہتے ہیں اور آپ کے زائروں
کے گواہ ہیں اور آپ کے پیروؤں کی
دُعاؤں کی قبولیت کے لیے آمین کہتے
ہیں اور سلام ہو آپ پر اور خدا کی
رحمت ہو اور اُس کی برکات ہوں،
اے فرزند رسول میرے ماں باپ
آپ پر صدقے جائیں، اے
ابا عبداللہ میرے ماں باپ آپ
پر قربان جائیں، یقیناً آپ کی
سوگواری اور آپ کی مصیبت بہت
بھاری ہے ہم پر اور اُن سب پر
جو آسمانوں اور زمین میں رہتے ہیں

Presented by: https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com

فَلَعَنَ اللهُ اُمَّةً اَسْرَجَتْ وَ
اَلْجَمَتْ وَ تَهَيَّاَتْ لِقِتَالِكَ
يَا مَوْلَایَ يَا اَبَا عَبْدِ اللهِ
قَصَدْتُ حَرَمَكَ وَ اَتَيْتُ
مَشْهَدَكَ اَسْئَلُ اللهَ بِالشَّاْنِ
الَّذِیْ لَكَ عِنْدَهٗ وَ بِالْمَحَلِّ
الَّذِیْ لَكَ لَدَيْهِ اَنْ يُصَلِّیَ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَ اَنْ
يَّجْعَلَنِیْ مَعَكُمْ فِی الدُّنْيَا
وَالْاٰخِرَةِ بِمَنِّهٖ وَ جُوْدِهٖ وَ كَرَمِهٖ

پس خدا کی لعنت ہو اُس گروہ پر جس نے زِین کسا، لگام پکڑی اور آپ سے لڑنے کے لیے گھوڑے تیار کئے ، اے میرے آقا ! اے ابا عبداللہ ! میں نے آپ کے حرمِ پاک کی زیارت کا ارادہ کیا اور میں آپ کے مزارِ اقدس پر حاضر ہوں ، خدا کے نزدیک آپ کی شان کے وسیلے سے اور خدا کے نزدیک آپ کے مرتبے کے واسطے سے میں خدا سے التجا کرتا ہوں کہ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل کرے اور احسان، عطا و کرم سے کام لے کر مجھے دنیا و آخرت میں آپ کے ساتھ رکھے۔

زیارت کے بعد دو رکعت نماز زیارت ادا کریں، اس توفیق کے ملنے پر اللہ کے حضور سجدۂ شکر بجا لائیں ، اور پانی پیئیں تو کہیں :

اَلسَّلَامُ عَلَی الْحُسَيْنِ وَ عَلٰی عَلِیِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَ عَلٰی اَوْلَادِ الْحُسَيْنِ وَعَلٰی اَصْحَابِ الْحُسَيْنِ

Presented By https://jafrilibrary.com

Presented by: https://jafrilibrary.com